★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 9 صفر المظفر 1445ھ 15 اگست 2024ء کیم بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 305

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

ملک بھر میں 77 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا گیا

دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں اکیس اکیس توپوں کی سلامی سے ہوا، پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے دعائیں

جشن آزادی کی مناسبت سے سرکاری اور نجی عمارتوں کے ساتھ ساتھ گلیوں، بازاروں اور عوامی مقامات کو سبز پرچموں اور برقی قمقموں سے روشن کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں 78 واں یوم آزادی اس عزم کی تجدید کے ساتھ منایا گیا کہ تحریک پاکستان کے جذیے کے تحت کام کرتے ہوئے ملک کو حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنایا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں اکیس اکیس توپوں کی سلامی سے ہوا، اس موقع پر پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف یوم آزادی کے موقع پر پرچم لہرانے والے طلبہ اور گلوکاروں کے ساتھ

روسی صدر پیوٹن کی صدر مملکت اور وزیر اعظم کو یوم آزادی کی مبارکباد

عوام کے مفاد اور بین الاقوامی سلامتی کے لیے ہمارے تعمیری تعلقات مزید فروغ پائیں گے، پیوٹن

اسلام آباد (این این آئی) روسی صدر ویلادی میر پیوٹن نے یوم آزادی کے موقع پر صدر مملکت اور وزیر اعظم کو مبارکباد پیش کی۔ پاکستان کے یوم آزادی پر اپنے پیغام میں روسی صدر نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان دوستانہ تعلقات استوار ہیں، دو طرفہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

لاہور میں یوم آزادی کا آغاز 21 توپوں کی سلامی سے ہوا

تقریب بی ایس اسٹیڈیم میں ہوئی، پاک فوج کے چاک و چوبند دستے نے توپوں کی سلامی دی

لاہور (این این آئی) جشن آزادی کے موقع پر صوبائی دارالحکومت میں دن کا آغاز 21 توپوں کی سلامی کی تقریب سے ہوا۔ 21 توپوں کی سلامی کی یہ تقریب بی ایس اسٹیڈیم میں ہوئی، پاک فوج کے چاک و چوبند دستے نے توپوں کی سلامی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

اللہ کا شکر ہے ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں، مریم نواز شریف

عہد کریں جب بھی سوچیں اپنے ملک کیلئے سوچیں، یہ ملک زندہ رہنے کیلئے بنا ہے، اللہ کرے یہ ملک ہمیشہ سب سے اونچا رہے، اللہ تعالیٰ اس ملک کو سلامت رکھے، حضوری باغ میں یوم آزادی کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ قوم کو 77 ویں یوم آزادی مبارک ہو، کہ میری دائیں جانب چیف، بچے کھڑے ہیں، میں تمام بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتی ہوں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہمیں آزادی جیسی نعمت سے نوازا، انہوں نے کہا کہ بچوں نے پڑھا ہم زندہ قوم ہیں، ہم پائندہ قوم ہیں، آنے والے دور میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اللہ کا شکر ہے ہم آزاد ملک میں سانس لے رہے ہیں، عہد کریں جب بھی ہم سوچیں اپنے ملک کیلئے سوچیں، یہ ملک زندہ رہنے کیلئے بنا ہے، اللہ کرے یہ ملک ہمیشہ سب سے اونچا رہے، اللہ تعالیٰ اس ملک کو سلامت رکھے، حضوری باغ میں یوم آزادی کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ قوم کو 77 ویں یوم آزادی مبارک ہو، کہ میری دائیں جانب چیف، بچے کھڑے ہیں، میں تمام بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتی ہوں، اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہمیں آزادی جیسی نعمت سے نوازا، انہوں نے کہا کہ بچوں نے پڑھا ہم زندہ قوم ہیں، ہم پائندہ قوم ہیں، آنے والے دور میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

77 سال کے دوران بحیثیت قوم ہمارا سفر قابل رشک نہ ہو سکا، شہباز شریف

چند دنوں میں بجلی بلوں میں کمی سے متعلق خوشخبری ملے گی، احساس ہے کہ بجلی کے بلوں اور مہنگائی سے عوام پریشان ہیں، مہنگائی میں بجلی کے بلوں میں کمی کے بغیر پاکستان کی صنعت، زراعت، درآمدات نہیں بڑھ سکتی ہیں، شہباز شریف

چند دنوں میں قوم سے خطاب میں 5 سالہ معاشی پروگرام پیش کروں گا، مہنگائی، بجلی کی قیمت میں کمی اور پاکستان کی ترقی کے لیے اپنی جان لڑا دوں گا، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مہنگائی میں بجلی کے بلوں میں کمی کے بغیر پاکستان کی صنعت، زراعت، درآمدات نہیں بڑھ سکتی ہیں، ٹھکریوں صارفین کو تکلیف دہ بل ملتے ہیں، اشتہاراللہ اگلے چند دنوں میں آپ کو بجلی کے بلوں میں کمی سے متعلق خوشخبری ملے گی، چند دنوں میں قوم سے خطاب میں 5 سالہ معاشی پروگرام پیش کروں گا، مہنگائی، بجلی کی قیمت میں کمی اور پاکستان کی ترقی کے لیے اپنی جان لڑا دوں گا، وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ احساس ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

14 اگست 77 واں یوم آزادی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے پرچم کشائی کا منفرد اعزاز



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حضوری باغ میں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ملک کی سالمیت، ترقی و خوشحالی اور استحکام کیلئے دعا، شاعر مشرق علامہ اقبال کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش

بادشاہی مسجد کی سرحدوں پر کھڑے وزیر اعلیٰ مریم نواز کو بوائے سکاؤں کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، سکول بینڈز کی خوبصورت دھنیں

سندھی، بلوچی، کلاش، کشمیری، پنجابی، چولستان اور دیگر علاقائی لباس پہنے طالبات نے تالیاں بجا کر وزیر اعلیٰ مریم نواز کا استقبال کیا

تقریب میں پیشل بچوں کا یوم آزادی کی مناسبت سے ترانہ پیش، وزیر اعلیٰ مریم نواز اپنی نشست چھوڑ کر سپیشل بچوں کے درمیان پہنچ گئیں

شاہدرا اقبال میں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ملک کی سالمیت، ترقی و خوشحالی، استحکام کیلئے دعا کی اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کو اور سرار اقبال پر فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مزار اقبال پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی

باقی صفحہ 8 بقیہ نمبر 8

کیا گیا۔ حضوری باغ میں منعقدہ خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مزار اقبال پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم آزادی پر شاہی قلعہ کے عالمگیری گیٹ پر پرچم کشائی کی اور قومی ترانہ پیش

باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 9

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حضوری باغ میں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم فرسر کے شانہ بشانہ ہے، بیکر قومی اسمبلی

بیکیوٹی فورسز خوارج سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ ملک دشمن شرپسند عناصر ملک میں بدامنی پھیلانا چاہتے ہیں، بیکیوٹی فورسز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قائد کے الفاظ "ایمان، اتحاد اور تنظیم" کی روشنی میں ہر چیلنج کا مقابلہ کرنا ہے، حمزہ شہباز

آزادی کی عظیم نعمت پر ہم اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر ادا کرتے ہیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب حمزہ شہباز شریف نے جشن آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ آزادی کی عظیم نعمت پر ہم اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر ادا کرتے

باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12



ڈیو اولمپکس کے بعد پاکستان چھوڑنے کی آفر ہوئی جسے مسترد کر دیا تھا، ارشد ندیم

پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کہا ہے کہ ڈیو اولمپکس کے بعد پاکستان چھوڑنے کی آفر ہوئی تھی جسے مسترد کر دیا تھا، ایک انٹرویو میں فخر پاکستان ارشد ندیم نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

ملک کی خوشحالی کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہے، بیرسٹر گوہر

یہ عظیم ملک ہے جسے عظیم تر بنانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ملک کی خوشحالی کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہے، پاکستان کے 78 ویں یوم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11



خوشحال، پرامن اور متحد پاکستان کے لیے مل کام کرنا ہوگا، رانا تنویر حسین

یہ وطن پاک سرزمین ہمارے بزرگوں نے بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تحفظ و ترقی برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا کہ خوشحال، پرامن اور متحد پاکستان کے لیے مل کام کرنا ہوگا، وزارت صنعت و پیداوار کی

باقی صفحہ 10 بقیہ نمبر 10



آزادی کی قدر کریٹ پلیٹ میں رکھ کر نہیں ملی، عظمیٰ بخاری

جس کے اپنے بچے لندن میں ہیں وہ قوم کے بچوں کو غلامی کا درس دے رہا ہے

باشعور نوجوانوں کو اس فتنے و فساد کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ آزادی کی قدر کریں یہ آزادی ہمیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14



لاہور، پی ٹی آئی کے کارکنان یوم آزادی کے موقع پر ریلی میں نعرے لگا رہے ہیں

فریال تالپور کی قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد

آزادی کے 77 سال کا جشن منانا ہماری قومی یکجہتی اور وقار کی علامت ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر فریال تالپور نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کے 77 سال کا جشن منانا ہماری قومی یکجہتی اور وقار کی علامت ہے۔ فریال تالپور نے اپنے

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30

سیف سٹی نے یوم آزادی کی مناسبت سے دستاویزی فلم جاری کر دی

فلم میں آزادی کی داستان، حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے یوم آزادی کے موقع پر دستاویزی فلم جاری کر دی۔ فلم میں آزادی کی داستان، حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں، فلم میں ہندوستان سے ہجرت کرنے اور پھر بسنے والوں کی مکاری کی گئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

عرصہ دراز سے روپوش پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر لاہور میں منظر عام پر آ گئے

پیرٹی میں جشن آزادی ریلی میں شرکت، پی ٹی آئی کے آفیشل اکاؤنٹ پر ویڈیو جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر لاہور میں منظر عام پر آ گئے جس کی ویڈیو پی ٹی آئی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ پر جاری کر دی گئی۔ عرصہ دراز سے روپوش پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر نے 13 اگست کے شیڈول کی

باقی صفحہ 17 بقیہ نمبر 17

9 مئی کے مقدمات میں مفرور ملزموں کے گرد گھیرا تنگ کرنے کا فیصلہ

آر سٹینڈنگ اینٹی ٹیررازم کورٹس، سیٹ سٹی اتھارٹیز کے کیسوں کی معاونت کی جائے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مقدمات میں مفرور ملزموں کے گرد گھیرا تنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق 4500 میں سے بقیہ ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا، ملزمان کی گرفتاری کے

باقی صفحہ 19 بقیہ نمبر 19

ہمیں متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے جو ہمارے اجتماعی عزم کا تقاضا کرتے ہیں، یوسف رضا گیلانی

عزت، ترقی، جامع ترقی اور سماجی و اقتصادی مساوات کو یقینی بنانا ہمارا فرض، یقینی بجلی، ملازمتیں اور بہتر معیار زندگی ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے، سینیٹ سیکرٹریٹ کے میڈیا ڈیسک بیکیوریٹ کی جانب سے یوم آزادی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

پی ٹی آئی میں جشن آزادی کی تقریب کے موقع پر ایم ایس ڈاکٹر شعیب سپر نٹنڈنٹ ڈاکٹر فردوس و دیگر سٹاف موجود ہے

ہمیں بحیثیت قوم آزادوں کی قدر و منزلت کو پہچاننا اور سمجھنا ہوگا، محسن نقوی

پاکستان جیسا خوبصورت اور وسائل سے مالا مال ملک پوری دنیا میں نہیں، لیکن ہم نے 77 برس باہمی اختلافات، گروہی تقریق اور لسانی و فرقہ وارانہ تعصبات میں ضائع کیے

یوم آزادی کا تقاضا ہے ہم ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ کر روشن مستقبل کی طرف بڑھیں، ایمان، اتحاد اور تنظیم کے اصولوں پر کاربند رہ کر سب کو مل کر ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر پر دل

باقی صفحہ 32 بقیہ نمبر 32



کراچی، جشن آزادی کے موقع پر گورنر سندھ کامران ٹیسوری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

افغانستان، پاکستانی سفارتخانے میں پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد

صدر، وزیر اعظم کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے

کابل (این این آئی) کابل میں پاکستانی سفارتخانے نے پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب کا اہتمام کیا۔

باقی صفحہ 31 بقیہ نمبر 31

صدر پریس گیلری پنجاب اسمبلی اخلاق احمد باجوہ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد پرخاک

نماز جنازہ میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سمیت دیگر کی شرکت

لاہور (خبر نگار) صدر پریس گیلری پنجاب اسمبلی اخلاق احمد باجوہ کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، وزیر صحت خواجہ عمران نذیر، رکن اسمبلی چوہدری شبیر احمد اور سیکرٹری جنرل چوہدری

باقی صفحہ 29 بقیہ نمبر 29



فریال تالپور کی قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد

آزادی کے 77 سال کا جشن منانا ہماری قومی یکجہتی اور وقار کی علامت ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر فریال تالپور نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کے 77 سال کا جشن منانا ہماری قومی یکجہتی اور وقار کی علامت ہے۔ فریال تالپور نے اپنے

باقی صفحہ 30 بقیہ نمبر 30

وزیر اطلاعات و نشریات علماء اکرام الحق تارڑ سینئر صحافی اخلاق احمد باجوہ کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت علماء اکرام الحق تارڑ نے سینئر صحافی اخلاق احمد باجوہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وہ کو اپنے تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اخلاق احمد باجوہ نے شعبہ صحافت میں گرانقدر

باقی صفحہ 16 بقیہ نمبر 16

ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے، یہ ہر کشمیری کی آواز ہے، وزیر اعظم آزاد کشمیر

مظفر آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے، یہ ہر کشمیری کی آواز ہے۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے 78 ویں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر میں پاکستان کا یوم آزادی ہر سال

باقی صفحہ 18 بقیہ نمبر 18

متقدونیہ کشمیر کو ہر صورت آزاد کرانا ہے، صدر آزاد کشمیر

مظفر آباد (این این آئی) صدر آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر نے کہا ہے کہ متقدونیہ کشمیر کو ہر صورت میں آزاد کرانا ہے، پاکستان ہر مشکل گھڑی میں کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہا ہے۔ پاکستان نے 78 ویں یوم آزادی کے موقع پر آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر پہلی کرکٹ گراؤنڈ میں مرکزی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

یواے ای کی پاکستان سے دوستی تاحیات برقرار رہے گی، قونصل جنرل امارات کراچی

پاکستان اور یواے ای کے مابین 6 دہائیوں سے برادرانہ تعلقات ہیں، سخیت متین اردو میڈیم

کراچی (این این آئی) قونصل جنرل امارات لطیفہ الکعبی نے کہا ہے کہ پاکستان اور یواے ای کے مابین 6 دہائیوں سے برادرانہ تعلقات ہیں، یواے ای کی ترقی میں پاکستانیوں کا کلیدی کردار ہے، دونوں ممالک کی دوستی تاحیات

باقی صفحہ 33 بقیہ نمبر 33

این ٹی ڈی سی نے 77 ویں یوم آزادی روایتی ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا

ڈیپارٹمنٹ ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹریننگ سینٹر نیوٹ لاہور میں پرچم کشائی کی

راہ حق کی جنگ و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ایس خان ٹریننگ سینٹر

باقی صفحہ 34 بقیہ نمبر 34

سوشل ویلفیئر کمپلیکس میں جشن آزادی کی شاندار تقریب کا انعقاد

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی بطور مہمان شرکت

لاہور (این این آئی) سوشل ویلفیئر کمپلیکس لاہور کے بچوں، خواتین اور بزرگوں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ تھے۔ تقریب کے

باقی صفحہ 35 بقیہ نمبر 35

ڈیفنس میں جشن آزادی کی تقریب، چیئرمین ساجد کھوکھر نے پرچم کشائی کی

طلبہ نے ملی نغمے، ٹableau اور ٹیبلو پیش کیے، پینٹنگ کے مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا

لاہور (این این آئی) یونیا کے زیر اہتمام جشن آزادی کی مرکزی تقریب گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن (این ای او) ڈیفنس کیمپس لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نیشنل کالج آف آرٹس روڈ پر تاریخی شاہدرا لال بلڈنگ کی

باقی صفحہ 25 بقیہ نمبر 25

ٹیوٹا میں جشن آزادی کی تقریب، چیئرمین ساجد کھوکھر نے پرچم کشائی کی

طلبہ نے ملی نغمے، ٹableau اور ٹیبلو پیش کیے، پینٹنگ کے مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا

لاہور (این این آئی) ٹیوٹا کے زیر اہتمام جشن آزادی کی مرکزی تقریب گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن (این ای او) ڈیفنس کیمپس لاہور میں منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نیشنل کالج آف آرٹس روڈ پر تاریخی شاہدرا لال بلڈنگ کی

باقی صفحہ 25 بقیہ نمبر 25

77 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے کیمپ جیل لاہور میں پیورلس فیملیوں کا انعقاد

بیکر کری داخلہ زرالامین بینگل نے افتتاح کیا، بچوں نے ایران نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

لاہور (این این آئی) بیکر کری داخلہ پنجاب نور الامین بینگل نے یوم آزادی پر کیمپ جیل کا دورہ کرکے پرچم کشائی کی۔ 77 ویں یوم آزادی کی

باقی صفحہ 22 بقیہ نمبر 22

خیر مقدمی نوٹ میں 14 سے 18 اگست تک مون سون بارشوں کا سلسلہ متوقع

ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر این ڈی ایم اے نے بیشل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این او سی) اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے نے 14 سے 18 اگست 2024ء کے دوران خبر

باقی صفحہ 23 بقیہ نمبر 23

اتحاد یکانگت سے ہی قوم ترقی کی منازل طے کر سکتی ہے، ملک احمد خان

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف تاریخ کی طویل جنگ لڑی، آج قائد اعظم کے اصول، اتحاد، تنظیم، ایمان، کو اپنانے کی ضرورت ہے

ڈپٹی میئر لندن کے لیے ملک شکیل اکرم کا انتخاب خوش آئند ہے، سپیکر ملک محمد احمد خان کی ڈپٹی میئر لندن سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

لاہور (خبر نگار) پاکستان کے 77 ویں جشن آزادی کے موقع پر پنجاب اسمبلی میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے

باقی صفحہ 24 بقیہ نمبر 24

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی محمد احمد خان، بیکری جنرل عامر حبیب اور ڈپٹی میئر لندن کے ہمراہ پرچم کشائی کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

آزاد ملک کا وجود بہت بڑی نعمت ہے، جمعیت علما اسلام (س)

ہمارا ہدف بفرمان مولانا سمیع الحق شہید ہماری سیاست کا اولین ہدف مکمل اسلامی نظام ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے مدین شہاب جمعیت لاہور مولانا طیب طاہری کی بڑی تعداد میں خصوصی قاری محمد حنیف طاہری نے تقریب خطاب کرتے ہوئے مرکزی سالار وبانیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا آزاد ملک کا وجود بہت بڑی نعمت ہے پاکستان کا بدولت عظمی ہے اس خطہ کے پیچھے ہمارے اسلافی کی ان گنت قربانیاں اور قیمتیں ہیں جنکا ادا کرنا بھی قابل ہے

صوبائی دارالحکومت میں چوری وڈکیتی کی درجنوں وارداتیں

شہریوں کو کروڑوں روپے مالیت کی نقدی وطلائی زیورات سے محروم کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں چوری و ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں میں شہریوں کو کروڑوں روپے مالیت کی نقدی وطلائی زیورات، موبائل فون سمیت دیگر قیمتی سامان سے محروم کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق متاوں کے علاقے میں شیلی کے گھر سے چور 11 لاکھ مالیت کی نقدی وطلائی زیورات اور دیگر سامان، کوٹ لکھپت کے علاقے میں ڈاکو رانجل کے گھر میں گھس کر 2 لاکھ روپے نقدی، 4 تولہ طلائی زیورات لوٹ کر فرار ہوگئے، بیزادار کے علاقے میں ڈاکو دو اور 3 لاکھ نقدی و موبائل فون، شاہدرہ ٹاون میں ڈاکو شرافت سے 4 لاکھ کی نقدی و موبائل فون، بٹہ پارہ سے ڈاکو شاہد رخ سے 50 ہزار روپے اور موبائل فون، کوٹ لکھپت سے ڈاکو ریاست علی سے 30 ہزار نقدی و موبائل فون، ماہو ہن سے ڈاکو نعیم سے 70 ہزار روپے اور موبائل فون، جنوبی چھاؤنی کے علاقے میں ڈاکو یعقوب 1 لاکھ مالیت کا موبائل فون، وحدت کالونی کے علاقے میں ڈاکو گل خان سے 2 ہزار روپے و موبائل فون، ساندہ میں ڈاکو اکو حافظ طارق سے 10 ہزار روپے اور موبائل فون، اسلام پورہ سے 10 گرام وزنی 3 ہزار روپے و موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔



پاکستان ہمارے آباؤ اجداد کی لازوال قربانیوں سے بنا، سیاسی اختلافات بھلا کر ملکی ترقی کا سوچنا ہوگا، خواجہ عمران نذیر

صوبائی وزیر صحت نے یوم آزادی کے موقع پر سمز، ایف جے ایم ایو، کے ای ایم یو اور ڈی جی ہیلتھ انس میں پودے لگائے، کیک کاٹے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پراثری اینڈ سینڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ یہ ملک ہمارے آباؤ اجداد کی لازوال اور بے پناہ قربانیوں سے حاصل کیا گیا ہے۔ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے، ہمیں اپنے ملک اور آزادی کی قدر کرنی چاہیے۔ پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کے لئے تمام سیاسی اختلافات بھلا کر مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سرمز اسلامیہ آف میڈیکل سائنسز (سمز) فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں ملک کی 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر قومی پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے شعبہ صحت کے ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس دن رات خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ہم سب دوسروں کے عیبوں کو چھوڑ کر خود کی اصلاح کی ضرورت ہے، جب ہی ملک ترقی کرے گا۔ ہم سب کو اپنے اپنے شعبے کا کام محنت اور ایمانداری سے کرنا چاہیے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ایسی اس ملک کا حصہ ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے بہت نوازا ہے۔ ہمیں اپنے ملک سے محبت کرنا اور اس کی قدر کرنا سیکھنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ملک کی ترقی و خوشحالی کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لئے دعائیں کرنی چاہئیں۔ ہمیں اپنے ملک کی قانون پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا اپنا حصہ ڈالنا ہوگا۔ ہمیں اپنے وطن کے قوانین کی پاسداری کرنی ہوگی۔ جھوٹ چھپانے، زیر پھینکنے کرنے اور حق سچ کو چھپانے کی کوشش کرنا ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، ہیلتھ کیئر ورکرز سب اہم کام صحت و سلامتی اور خوشحالی کے لئے ہم سب اپنا کردار ادا کرنے کا اور سرانجام دینے کے لئے ہم سب کو

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 15 اگست 2024ء

پاک آرمی پاکستان کی بقاء استحکام اور یکجہتی کی ضمانت ہے، کرنل راشد علی خان

فوج کے خلاف متحرک وطن دشمن طاقتوں اور دہشت گردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، خطاب، کرنل راشد علی ان اور میجر باقر حسین کی شہداء کی قبروں پر حاضری و فاتحہ خوانی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان کے 77 ویں جشن آزادی کے موقع پر گذشتہ روز پاک آرمی کے کرنل راشد علی خاں اور میجر باقر حسین کی جوانوں کے ساتھ حافظ آباد کے نواحی دیہات لویرے اور ڈیرہ حمید پورہ میں حوالدار محمد مبین شہید اور نائب صوبیدار محمد صدیق شہید کے مزارات پر حاضری، چاک چوبند دستے نے سلامی دی، پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب رانا محمد ارشد انجم، سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب چودھری امتیاز احمد تاج اور علاقہ کی معزز شخصیات بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ کرنل راشد علی خان نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع، بقا اور حرمت کی پاسبانی کیلئے دشمن سے مقابلہ کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے بہادر سپوت وطن عزیز کی تاریخ کے روشن باب اور قومی ہیرو ہیں اور ان ہیروز کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ایسے بہادر سپوت پاک آرمی کیلئے باعث افتخار اور عزوشرف ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ لویرے اور ڈیرہ حمید پورہ ضلع حافظ آباد کے چھوٹے چھوٹے دیہات تھے لیکن یہاں کے بہادر بیٹوں نائب صوبیدار محمد صدیق شہید اور حوالدار محمد مبین شہید نے وطن عزیز کے دفاع میں جانیں قربان کرکے ان گمنام دیہات کو تاریخ میں ہمیشہ کیلئے امر کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک آرمی پاکستان کی بقاء، استحکام اور یکجہتی کی ضمانت ہے جو اپنے شہداء کو کبھی فراموش نہیں کرتی۔ آج پاکستان کا وجود پاک فوج کے انہی شہدا کی وجہ سے ہے جو کہ پاکستان کی مسلح افواج کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ان کی قبور پوری قوم کیلئے حب الوطنی کے حوالے سے روشن میناروں کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ پاک آرمی دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کیلئے ہر لحہ تیار اور چوکس ہے اور قوم کا اپنی مسلح افواج پر اعتماد غیر متزلزل ہے۔ آرمی اور قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں پاکستان کی مسلح افواج کا ایک وقار ہے۔ وطن عزیز میں پاک آرمی کے خلاف ہونے والی ہر سازش ناکام بنا دی جائے گی اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کے خلاف متحرک وطن دشمن طاقتوں اور دہشت گردوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ کرنل راشد علی خان اور میجر باقر حسین نے شہداء کی قبور پر حاضری اور فاتحہ خوانی کے بعد ان کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی اور تحائف پیش کئے۔

گورنمنٹ ہائی سکول بوائز قلعہ احمد آباد میں جشن آزادی تقریب کا انعقاد

پرنسپل عبدالمنان بٹ نے پرچم کشائی کی ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعا



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ہائی سکول بوائز قلعہ احمد آباد میں جشن آزادی پاکستان کے سلسلہ میں پرو وقار تقریب منعقد ہوئی جس میں اساتذہ کرام، طلبہ اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ عبدالمنان بٹ پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد نے پرچم کشائی کی اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر سر نیاز حسین ماہر تعلیم نے جدوجہد تحریک آزادی، قائدین کی قربانیوں اور ملک پاکستان کے استحکام میں اساتذہ اور طلبہ کے کردار پر سیر حاصل گفتگو کی۔ سکول کے اساتذہ اور طلباء نے کثیر تعداد میں اسکول میں پودے لگائے۔ بعد ازاں سید سبطین علی نقوی سربراہ الف سوشل ارگنائزیشن قلعہ احمد آباد، محمد احتشام بٹ صدر انجمن تاجران قلعہ احمد آباد، سید کاشف شاہ (سٹی پریس کلب قلعہ احمد آباد) اور دیگر شہریوں نے اسکول میں بہت بڑی تعداد میں پودے لگائے اور ملک وقوم کی عظمت، رفعت اور سربلندی کے لیے دعائے خیر کی۔

چین کے قونصل جنرل زا شیریں کا سرگودھا یونیورسٹی کے طلبا کیلئے قونصلر جنرل سکالرشپ کا اعلان، پہلی قسط دس لاکھ کا چیک

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چین کے قونصل جنرل زا شیریں نے سرگودھا یونیورسٹی کے طلبا کے لئے قونصلر جنرل سکالرشپ کا اعلان کرتے ہوئے پہلی قسط دس لاکھ کا چیک دیا۔ تفصیلات کے مطابق چین کے قونصل جنرل زا شیریں نے سرگودھا یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس سے ملاقات میں قونصلر جنرل سکالرشپ کی پہلی قسط 10 لاکھ روپے کا چیک دیا اور کہا کہ اس کا لرشپ کا مقصد یونیورسٹی کے ہونہار اور مالی مشکلات کے شکار طلبا کو مدد دینا ہے تاکہ وہ اپنے تعلیمی مقاصد کو حاصل کرسکیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے چین کا سکالرشپ کے اجرا پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ سکالرشپ ہمارے طلبا کے لئے ایک نئی امید ہے جو انہیں نہ صرف مالی مشکلات سے نجات دلائے گی بلکہ ان کے تعلیمی سفر کو مزید روشن رکھے گی انہوں نے کہا کہ سکالرشپ صرف مالی امداد ہی نہیں بلکہ چین اور پاکستان کے درمیان مضبوط تعلیمی تعلقات کا مظہر ہے۔ اس تعاون سے ہمارے طلبا کو اپنی تعلیمی کامیابیوں کو بہتر بنانے کا موقع ملے گا جو روشن مستقبل کی طرف گامزن ہوسکیں گے۔ انہوں نے چینی قونصل جنرل کو مختلف جامعات اور اداروں کے ساتھ اپنے معاہدات کے بارے میں بتایا اور دونوں رہنماں نے تعلیمی میدان میں مزید تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ چین اور پاکستان کے تعلیمی ادارے مستقبل میں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ دونوں ممالک کے طلبا کو عالمی سطح پر تعلیمی کامیابیاں حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

جہلم جشن آزادی کے حوالے سے تقاریب کا اہتمام

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جشن آزادی کے حوالے سے مختلف تقاریب، ڈی سی جہلم کی بطور مہمان خصوصی شرکت، کیک کاٹے، مٹھائیاں اور پودے تقسیم کیے، جشن آزادی کے حوالے سے ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ فار ویمن میں تقریب میں ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے کیک کاٹا، طالبات میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ جس کے بعد سول ہسپتال میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب میں کیک کٹنگ کے بعد ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے مریضوں اور اہلخانہ میں مٹھائی تقسیم کرتے ہوئے جشن آزادی کی مبارک دی اور ان کی عیادت بھی کی۔ دارالامان میں جشن آزادی کی تقریب کی مہمان خصوصی ڈی سی جہلم سیدہ رملہ علی نے دارالامان میں مقیم خواتین سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے، جشن آزادی کا کیک کاٹا اور مٹھائی تقسیم کی۔

جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دینے کا سلسلہ نہ تھم سکا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دینے کا سلسلہ نہ تھم سکا۔ جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو ضلع جہلم کی معروف سماجی و سیاسی شخصیت ڈاکٹر فضل الحق (فضلی) مبارکباد دینے پریس کلب پہنچے گئے۔ صحافیوں نے ڈاکٹر فضل الحق کا پرتپاک استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری، گزشتہ ضلع جہلم کی معروف سماجی و سیاسی شخصیت ڈاکٹر فضل الحق (فضلی) نے جہلم پریس کلب میڈیا ون کے نامزد امیدواروں کے بھاری اکثریت سے کامیاب ہونے پر مبارکباد دینے کے لئے پریس کلب پہنچے جہاں ان کا صحافیوں نے پرتپاک استقبال کیا۔ استقبال کرنے والوں میں چوہدری عابد محمود، نومنتخب صدر مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو، سید مستفیض اقبال بخاری، عامر کیانی، چوہدری مہربان حسین، ڈاکٹر ملک اعجاز اعوان، سید مظہر عباس نقوی، عبدالغفار آزاد، چوہدری ظفر نور، راجہ شہریار علی، سید ناصر محمود، چوہدری تصور حسین، اشرف جنجوعہ، چوہدری دانیال عابد، و دیگر شامل۔

علماء کونسل پاکستان کی اپیل پر صوبائی وضلعی تعلیمی اداروں میں پرچم کشائی

شیخ الحدیث مولانا یوسف فاروقی شیخ الحدیث مولانا رب نواز، مولانا محمد اعظم فاروق علامہ حفیظ الرحمن کشمیری نے علماء ومشائخ وسماجی شخصیات کے ہمراہ قومی پرچم کشائی کی



فیصل آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی کی اپیل پر ملک بھر میں علماء کونسل سے منسلک مدارس صوبائی وضلعی دفاتر اور تعلیمی اداروں پر قومی پرچم کشائی کی گئی قاسمیہ کالج آف کامرس اینڈ سائنسز میں شیخ الحدیث مولانا یوسف فاروقی شیخ الحدیث مولانا رب نواز صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا محمد اعظم فاروق علامہ حفیظ الرحمن کشمیری نے علماء ومشائخ و سماجی شخصیات کے ہمراہ قومی پرچم کشائی کی گئی۔ اس موقع پر ڈویژن صدر مولانا محمد عابد فاروقی ضلعی صدر مولانا محمد نعیم طلحہ جنرل سیکرٹری قاری ثاقب عزیز قاری اسماعیل قاسمی مولانا عمر فاروق مولانا سلیمان مولانا سلیم نواز قاری محمد مشتاق مولانا محمد نذیر اور کثیر تعداد میں علماء ومشائخ اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے علماء کرام نے کہا کہ وطن عزیز کو مستحکم بنانے کیلئے علماء کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان اسلام کی بنیاد پر قائم ہوا انہیں استحکام پاکستان کیلئے بھرپور محنت کا عزم کرنا ہوگا قیام پاکستان اور تعمیر پاکستان میں علماء کرام کے کردار کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہم بانیان پاکستان اور ان بزرگوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہمارے لئے الگ وطن کا قیام عمل میں لایا جن کی محنتوں اور قربانیوں کے نتیجے میں وطن عزیز پاکستان کا قیام عمل میں آیا 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر ہم یہ عزم کرتے ہیں کہ پاکستان کی عزت سلامتی اور توقیر پر کبھی آنچ نہیں آنے دیں گے اس موقع پر ملک پاکستان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی قومی یکجہتی اور جدوجہد آزادی پاکستان کے شہداء کیلئے خصوصی دعا کی گئی

جھنگ: ایس ای فیسکو کے زیر اہتمام جشن آزادی تقریب

ایکسین ملک لیاقت علی، ملک مرید حسین، ایس ڈی او محمد اسماعیل خالد قریشی و دیگر کی شرکت



جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کی زیر صدارت جشن آزادی کے حوالے سے سرکل آفس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ایکسین ملک لیاقت علی اعوان، ایکسین ملک مرید حسین، ایس ڈی او محمد اسماعیل خالد قریشی، علی عدنان انجم سیال، علی عدنان وینس، محمد عقیل خان، زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس و دیگر فیسکو افسران وملازمین نے شرکت کی تقریب میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، پرچم کشائی کی گئی پاکستان کی 77 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا شہدائے پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا اور ملکی سلامتی کے لیے دعا کی گئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ ہم ملک وقوم کی ترقی اور سلامتی کی خاطر جانوں کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور خون کے آخری قطرے تک ملک وقوم کی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دیں گے ہمارے آباؤ اجداد نے بے مثال قربانیاں دیکر ہمارے لئے علیحدہ آزاد ایک ایسی ریاست دی ہے جس کی حفاظت کیلئے فیسکو ملازمین سمیت تمام پاکستانیوں کو قدم بڑھانا چاہیے

چونیاں: یوم آزادی کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں شجرکاری کا آغاز

اسسٹنٹ کمشنر، لیگی ایم پی اے، عوامی سماجی، وکلاء صحافی برادری اور طلباء وطالبات کی بھرپور شرکت



چونیاں (تحصیل رپورٹر) 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں شجرکاری کے سلسلہ میں پُروقار تقریب کا انعقاد اسسٹنٹ کمشنر، لیگی MPA، سمیت عوامی سماجی، وکلاء صحافی برادری اور طلباء و طالبات کی بھرپور شرکت۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شجرکاری کے سلسلہ میں محکمہ جنگلات کے DFO سید آفتاحسین شاہ، SDO سید طلعت عباس شاہ کی جانب سے پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار، لیگی MPA چوہدری احسن رضا خاں، محکمہ جنگلات کے افسران وملازمین سمیت طلباو طالبات، وکلاء، اور صحافی برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے اچھے انتظامات کئے گئے تقریب میں ریسکیو 1122 کی ٹیمیں بھی مدعو کی گئیں اس موقع پر چند منٹ میں بلاک نمبر چار کے کھیت نمبر 102، میں 20 ایکڑ رقبہ پر 15 ہزار پودے لگائے گئے تقریب کے مہمانان گرامی نے تقریبی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ درخت ماحولیاتی تبدیلیوں کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتے ہیں درخت ہمیں صحت مند زندگی فراہم کرتے ہیں۔

فاروق آباد میں جشن یوم آزادی کو جوش وخروش سے منایا گیا

بلدیہ ہال میں پرچم کشائی اور کیک کٹنگ کی تقریب منعقد کی گئی



فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) پاکستان بھر کی طرح فاروق آباد شہر میں بھی جشن یوم آزادی کو بھرپور جوش و جزبے سے منایا گیا جبکہ شہر میں مختلف مقامات پے کیک کٹنگ تقاریب کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں میونسپل کمیٹی کی جانب سے بلدیہ ہال میں پرچم کشائی اور کیک کٹنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا جبکہ دیگر میں پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد، اتحاد امن کونسل، مسلم لیگ نون کی جانب سے مختلف مقامات پے کیک کاٹے گئے اس موقع پر شہریوں کی بڑی تعداد بلدیہ ہال میں موجود تھی جبکہ شہر کی مختلف تقاریب میں چیف آفیسر بلدیہ جاوید چوہان اور ایس ایچ او سٹی واجد عباس نے بطور چیف گیسٹ شرکت کی جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں صدر پریس کلب چوہدری عدیل ورک۔ جنرل سیکرٹری نبیل عظمت، صدر اتحاد امن کونسل الحاج محمد شریف، جنرل سیکرٹری حافظ عزیز اسد، صدر مرکزی انجمن تاجران شیخ شہزاد انجم، صدر متحدہ امن کونسل ملک صدیق، جنرل سیکرٹری عدیل چیمہ، ایس ڈی او واپڈا عابد سعید گجر، سیکورٹی انچارج چوہدری اسلام گجر، سماجی شخصیت حافظ یسین فیملی گروپ والے، صدر شعور نو میاں سلامت علی۔ جنرل سیکرٹری حافظ عثمان ہاشمی سمیت دیگر دیگر ممبران نے شرکت کی، تقاریب کے اختتام پر ملک کی ترقی وخوشحالی کی دعائیں کی گئیں۔

حافظ آباد میں جشن آزادی کے موقع پر باجوں اور بانسریوں نے دن بھر عوام کے سکون کو برباد کردیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں جشن آزادی کے موقع پر باجوں اور بانسریوں نے دن بھر عوام کے سکون کو برباد کئے رکھا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کی جانب سے ضلع بھر میں باجوں اور بانسریوں پر پابندی کے بلند بانگ دعوے کئے گئے تھے لیکن جشن آزادی کے موقع پر بچوں نوجوانوں اور منچلوں نے پولیس کے ان دعوں کو خاک میں ملادیا۔ گلی محلوں اور شاہراہوں پر دن بھر پاں پاں اور پوں پوں کی آوازیں گونجتی رہیں جس سے معمر بیمار افراد کے علاوہ شہری پریشان رہے جبکہ مختلف تھانہ جات کے بلند بانگ دعوے کرنے والے ایس ایچ اوز سوشل میڈیا پر اپنی تصاویر کے ساتھ اپنی نام نہاد کارکردگی کے ڈنکے بجاتے نظر آئے۔

حافظ آباد میں بھی وطن عزیز کا 77 واں یوم آزادی بھرپور ملی جوش وجذبے اور شایان شان طریقہ سے منایا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں بھی وطن عزیز کا 77 واں یوم آزادی بھرپور ملی جوش وجذبے اور شایان شان طریقہ سے منایا گیا۔ پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہوئی جہاں ڈپٹی کمشنر میڈم سندس ارشاد، وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، ٹکٹ ہولڈر شیخ گلزار احمد اور ڈی پی او فیصل گلزار نے پرچم کشائی کی۔ پولیس، ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس کے اہلکاروں نے گارڈ آف آنر پیش کیا جبکہ ملک وقوم کی سلامتی، استحکام اور امن و امان کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر یوم آزادی کے موقع پر پلانٹ فار پاکستان شجرکاری مہم کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں پودے بھی لگائے گئے جبکہ جشن آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف وارڈز کا دورہ کرتے ہوئے مریضوں اور انکے لواحقین میں مٹھائی اور جوس تقسیم کیے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے جشن آزادی کیک کاٹا، شجرکاری مہم کے سلسلہ میں پودا لگایا اور مریضوں کے لیے صحت سہولت میڈیسن کاؤنٹر کا افتتاح بھی کیا۔

پاور لومزدور کرز یونین کے زیر اہتمام جشن آزادی ریلی کا اہتمام

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پاور لومزدور کرز یونین کے زیر اہتمام جشن آزادی ریلی محلہ میاں داکوٹ سے نکالی گئی جس میں مزدوروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت یونین کے صدر ملک محمد رمضان، سیکریٹری جنرل مزمل احمد انصاری و دیگر راہنماؤں محمد یوسف انصاری، امجد حسین، افتخار انصری، بوٹا انصاری، ملک صابر حسین اور عمران انصاری نے کی۔ ریلی میاں داکوٹ سے شروع ہوکر کولورڈ پر اختتام پزیر ہوئی۔ شرکاء ریلی نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے اور کہا کہ وہ اپنے وطن عزیز پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ اس موقع پر مزدور راہنماؤں پر حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ لوٹ مار کی بجائے ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے کام کریں

حافظ آباد میں جشن آزادی کے موقع پر باجوں اور بانسریوں نے دن بھر عوام کے سکون کو برباد کردیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں جشن آزادی کے موقع پر باجوں اور بانسریوں نے دن بھر عوام کے سکون کو برباد کئے رکھا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کی جانب سے ضلع بھر میں باجوں اور بانسریوں پر پابندی کے بلند بانگ دعوے کئے گئے تھے لیکن جشن آزادی کے موقع پر بچوں نوجوانوں اور منچلوں نے پولیس کے ان دعوں کو خاک میں ملادیا۔ گلی محلوں اور شاہراہوں پر دن بھر پاں پاں اور پوں پوں کی آوازیں گونجتی رہیں جس سے معمر بیمار افراد کے علاوہ شہری پریشان رہے جبکہ مختلف تھانہ جات کے بلند بانگ دعوے کرنے والے ایس ایچ اوز سوشل میڈیا پر اپنی تصاویر کے ساتھ اپنی نام نہاد کارکردگی کے ڈنکے بجاتے نظر آئے۔

مسلم لیگ پاکستان کی خالق جماعت ہے، محمد عارف خان سندھیلہ

ملک کو ایٹمی قوت بنانے سمیت تمام میگا پراجیکٹس پر میاں نواز شریف کے نام کی مہر لگی ہے جو انکی عوام دوستی حب الوطنی اور قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) یوم آزادی کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر و سابق رکن صوبائی اسمبلی محمد عارف خان سندھیلہ کی زیر صدارت رحمان روڈ سول لائنز میں واقع مسلم لیگ سیکرٹریٹ میں یوم آزادی کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی جس میں بینش قمر ڈار و دیگر پارٹی رہنماؤں و کارکنان نے شرکت کی، شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد عارف خان سندھیلہ نے کہا کہ مسلم لیگ پاکستان کی خالق جماعت ہے جس نے قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں حصول پاکستان کی جدوجہد کو عملی جامہ پہنایا اور اب یہی جماعت میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کی ترقی و استحکام اور عوامی خوشحالی کیلئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے، ملک کو ایٹمی قوت بنانے سمیت تمام میگا پراجیکٹس پر میاں نواز شریف کے نام کی مہر لگی ہے جو انکی عوام دوستی حب الوطنی اور قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام (ن) لیگ کی قیادت کی ہمیشہ اولین ترجیح رہی ہے پاکستان میاں نواز شریف کے شانہ بشانہ ان کے ویژن کی تکمیل یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے

زندہ قومیں جشن آزادی جوش و جذبے سے مناتی ہیں، اشتیاق خان

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اشتیاق خان اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد اشفاق نے جشن آزادی تقریبات کے سلسلہ میں تائیکوانڈو اور شوتو کان کراٹے کے مقابلہ جات کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنی جشن آزادی جوش و جذبے سے مناتی ہیں، 14 اگست کا دن ہم سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہم بھی اس دن کو منانے کے لیے جوش وخروش سے مختلف سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور ہر شعبہ میں وطن عزیز کا نام روشن کرنے کے لیے عملی طور پر جدوجہد کریں، اس موقع پر سنٹر آف ایکسی لینس اور تائیکوانڈو کے کھلاڑی، انسٹرکٹرز اور شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

جھنگ: اینٹی وہیکل لفٹنگ سٹاف کا کریک ڈاؤن، موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار

گرفتار ملزمان میں محمد عدیل، افتخار عرف کا کا محمد شہباز اور منور شامل

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت کی سپرویژن میں اینٹی وہیکل لفٹنگ سٹاف نے رواں ماہ کے دوران کریک ڈاؤن کے نتیجے میں چار رکنی موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کیا ہے۔ گرفتار ملزمان میں محمد عدیل، افتخار عرف کا کا محمد شہباز اور منور شامل ہیں۔ یہ گینگ تھانہ قادر پور، سٹی، کوتوالی، سیٹلائٹ ٹاؤن اور تھانہ صدر کے ایریا میں وارداتیں کرتا تھا۔ اینٹی وہیکل لفٹنگ سٹاف نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو نہ صرف ٹریس کیا بلکہ ان سے 35 موٹر سائیکل برآمد کر کے متاثرہ شہریوں کے حوالے کئے۔ ملزمان کے خلاف زبردست کاروائی کے نتیجے میں 54 مقدمات کو ٹیکو کیا گیا۔ ڈی پی او جھنگ محمد راشد ہدایت نے انسپکٹر مظہر شہزاد سب انسپکٹر مبشر احمد سب انسپکٹر اجمل سمیجہ اور AVLS ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے تعریفی سرٹیفکیٹ کا اعلان کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او جھنگ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے احکامات کی روشنی میں جھنگ پولیس کا شہریوں کے جان و مال، عزت و آبرو کے تحفظ کیلئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انسداد جرائم کیلئے ضلع بھر میں کراٹم پاکٹس پر ناکہ بندی کا عمل شروع کیا گیا ہے، اسکے علاوہ شہر بھر میں پکٹس ڈیوٹی لگائی گئی ہیں تاکہ موثر چیکنگ کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے ساتھ شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کیا جا سکے۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ کا یہ کہنا تھا کہ اینٹی لفٹنگ سٹاف کی دن رات محنت کا نتیجہ ہے۔ ایس پی انوسٹی گیشن نے ان کے کارگردگی کو سراہا اور ٹیم کو شاباش دی۔

وزیر آباد: جشن آزادی کی تقریب

وزیر آباد (نامہ نگار) جشن آزادی کے سلسلہ میں اے سی آفس، سابق ایم پی اے بیگم طلعت شوکت چیمہ کی رہائشگاہ پر، انجمن بہبودی مریضاں ٹریول ایسوسی ایشن، ایجوکیشن کونسل کے زیر اہتمام تقریبات منعقد ہوئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ب نواز چدھڑ، ایم پی اے وقار احمد چیمہ، بریگیڈیئر بابر علاؤ الدین تحصیلدار ہمایوں خالد وڑائچ، کرنل (ر) وقار انور شیخ پرچم کشائی کی۔ سابق ایم پی اے بیگم طلعت شوکت چیمہ کی رہائشگاہ پر والدہ بیگم طلعت شوکت چیمہ، صائمہ زاہد، عامر زمان ساہی، و دیگر کی شرکت۔



شیخوپورہ: مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر و سابق رکن صوبائی اسمبلی محمد عارف خان سندھیلہ کی قیادت میں مسلم لیگ سیکرٹریٹ میں یوم آزادی کا کیک کاٹا جارہا ہے۔

مصطفی آباد: سیاسی، سماجی، مذہبی صحافتی حلقوں کی طرف سے جشن آزادی تقریبات

ایم این اے و ایم پی اے کی بطور مہمان خصوصی تقریبات میں شرکت



مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد میں سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی حلقوں کی طرف سے جشن آزادی کی تقریبات، سرکاری اداروں میں بھی جشن آزادی کے سلسلہ میں شجر کاری کی اور کیک کاٹے گئے، ایم این اے و ایم پی اے کی بطور مہمان خصوصی تقریبات میں شرکت تفصیلات کے مطابق جشن آزادی کے سلسلہ میں مصطفی آباد میں سرکاری وغیر سرکاری اداروں، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں، تاجروں کی طرف سے الگ الگ تقریبات کا اہتمام کیا گیا، پریس کلب مصطفی آباد میں منعقدہ مرکزی تقریب میں ایم این اے سعد وسیم شیخ، ایم پی اے چوہدری محمد الیاس گجر، صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176 مہر علی مہران، سربراہ پیپلز مین رفیق انصاری گروپ چوہدری اصغر علی، چوہدری علی الیاس گجر، سردار ہمایوں اقبال، سردار مسعود اقبال، طیب قمر، رانا منیر احمد، چوہدری نور احمد، ملک خرم نصر اللہ خاں سمیت دیگر معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، سرپراست اعلیٰ ڈاکٹر اصغر علی شہزا، صدر الیکٹرونک میڈیا سیٹھ محمد حسین و دیگر صحافیوں کے ہمراہ کیک کاٹا، جامعہ گلزار حبیب مصطفی آباد میں بعد نماز فجر ملکی سلامتی وخوشحالی کے لئے قرآن خوانی اور پرچم کشائی کی تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں طلبہ کی بڑی تعداد نے پاکستان کے حق میں پر جوش انداز میں نعرے بازی کی اور علما کرام کے آزادی کی اہمیت کے حوالے سے اظہار خیال کیا، انجمن تاجران مصطفی آباد کی طرف سے جشن آزادی کے سلسلہ میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں سابقہ چیئرمین میونسپل کمیٹی مصطفی آباد نے صدر انجمن تاجران مصطفی آباد باؤ غلام رسول و دیگر تاجروں کے ہمراہ کیک کاٹا، اخوت کالج مصطفی آباد، صابر شہید پٹرولنگ چیک پوسٹ مصطفی آباد، انجمن اتحاد رائیل اسٹیٹ سمیت سرکاری وغیر سرکاری اداروں میں جشن آزادی کے سلسلہ تقریبات کا اہتمام کیا گیا، تقریبات میں شہریوں نے پودے بھی لگائے گئے۔

پاکستان کے لئے 14 اگست کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے، علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں کے خطیب علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے لئے 14 اگست کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ آج سے ٹھیک ستتر برس قبل اسی دن برصغیر کے مسلمانوں نے لاکھوں قربانیاں دے کر آزاد خطہ پاکستان حاصل کیا۔ 14 اگست خوشی اور امید کے ساتھ ساتھ ہر پاکستانی کے لئے پاکستان کے ساتھ عہد کی تجدید کا دن بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی جدوجہد آزادی کی راہ میں بہایا جانے والا قیمتی خون ہر چودہ اگست کو یاد دلاتا ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں نے اپنی آزادی کی خاطر بے دریغ قربانیاں دی۔ پاکستان کی بقاء سلامتی، ترقی اور خوشحالی کی ضمانت اسلام کی اقدار کے تحفظ میں پنہاں ہے۔ ایمان، اتحاد اور یقین پاکستان کی ترقی کا استعارہ ہیں آیئے تمام تعصبات سے بالا تر ہو کر وطن کی ترقی کے لئے متحد ہو جائیں تاکہ علامہ محمد اقبال کے خواب اور قائد اعظم محمد علی جناح کی انتھک جدوجہد سے حاصل کردہ اسلامی جمہوریہ پا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

78واں یوم آزادی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وسیع تر قومی اتحاد ناگزیر

اہل پاکستان آج 14 اگست کو ملک عزیز اسلامی جمہوریہ پاکستان کا 78واں جشن آزادی قومی اور ملی جوش و جذبے سے منا رہے ہیں۔ یقیناً یہ ہر محب وطن پاکستانی کیلئے بہت ہی خوشی کا دن ہے۔ اسی دن 14 اگست 1947ء کو برصغیر کے مسلمانوں نے انگریز اور ہندو کی غلامی سے آزادی حاصل کی تھی۔ اس دن کا آغاز ہی ہمارے جھنڈا لہرانے سے ہوتا ہے۔ ہر سال 14 اگست کو پاکستان کی سالگرہ کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل ہوتی ہے۔ پرنٹ میڈیا نے آج جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی اشاعتوں کا اہتمام کیا ہے جبکہ سرکاری و نجی الیکٹرانک میڈیا کی جانب سے آج صبح سے محبت کے جذبے کو اجاگر کرنے والی خصوصی نشریات کا اہتمام کیا گیا ہے۔ آج دن کا آغاز مساجد میں نماز جمعہ کے بعد ملک و قوم کی سلامتی اور ترقی و خوشحالی کی دعاؤں سے ہوگا۔ وفاقی دارالحکومت میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21، 21 توپوں کی سلامی دی جائے گی۔ ملک بھر میں مختلف مقامات پر یکجہتی کی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ اس طرح ہم آزادی کی مناسبت سے آج سرکاری اور نجی سطح پر سیمینارز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جن میں مقررین آزادی کی تحریک میں ادا کی جانے والی قربانیوں اجاگر کرتے ہوئے وطن عزیز کی ترقی و استحکام کے لیے قوم کے بے پایاں جذبہ کا تذکرہ کریں گے۔ حکام اور عوام آج ملک مادر اقبال اور قائداعظم کے مزارات پر حاضری دیں گے، پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی اور ملک کی ترقی و سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی جائیں گی۔

یہ حقیقت تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہو چکی ہے کہ منصب ہندو اکثریت نے مسلم دشمنی کے باعث برصغیر کے مسلمانوں کا ہر صعبہ حیات تنگ کر کے اور انھیں اپنے سے کمتر ان کی دوجہد کے گرد وہ قومی تشخص کی خوبیاں بھی جو تحریک پاکستان کی بنیاد بنی اور بالآخر قیام پاکستان پر منتج ہوئی، جس کا قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ ایک جداگانہ اسلامی ریاست کے قیام کے مطالبہ کی بنیاد پر ہی مسلمانوں کی بھاری اکثریت نے اس کی حمایت کی اور اس مطالبے کے حوالے سے ہونے والے انتخابات میں مسلم لیگ کو بھاری اکثریت سے کامیاب کیا۔ اس طرح مسلمانوں کی جدوجہد کے دوران ہر صعبہ پر مسلمانان برصغیر اور دنیا کو واضح ہو گیا تھا کہ وہ قیام پاکستان کے مقاصد سے آگاہ کر رہے ہیں۔ آج دو اشور حلقے نظریہ پاکستان اور قیام پاکستان کے مقاصد کے حوالے سے ایک جیسے ہیں مگر تشکیل نو کے بعد ہمارے سیکولر ہمسائے نے اپنے تشخص کو ترک کر کے اپنی اصل شناخت کو گم کر دیا ہے۔ آج ہندوستان میں انھیں اسلامیہ کالج لاہور کے قائداعظم کی 13 دسمبر 1948ء کی تقریر کے یہ الفاظ ذہن نشین کر لینے چاہئیں کہ ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کا ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلام کے بنیادی اصولوں کو آزما سکیں۔

پرتعیش ہوٹلوں کے کمروں میں بیٹھ کر ہمارے کچھ دانشور ہمیں یہ درس دیتے ہیں کہ ہمیں پاکستان کو اسلام کی تجربہ گاہ بنانے کے بجائے ایک جدید اور ترقی پسند ریاست بنانا چاہیے۔ سیاست دانوں کے آپس کے اختلافات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جرنیلی آمروں کو مدارالمہام بنایا۔ سیاست دانوں کے تحت جمہوریت کی بساط الٹنے اور اقتدار میں آنے کا موقع ملتا رہا۔ اس طرح وطن عزیز کے 34 سال تعلیم، ترقی اور خوشحالی کے لحاظ سے ضائع ہو گئے جو چائنہ نے صرف 30 سال میں حاصل کر لیے۔ اس طرح ہم سرپرستی حاصل کر کے بھی کابل کی طالبان حکومت اقوام متحدہ کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق، ڈی فیکٹو دہشت گردوں کا ہیڈکوارٹر بنا ہوا ہے۔ بھارت کی سازشوں کو بھی سمجھنا ہوگا اور دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کا راستہ بنانے کی ضرورت ہے۔

شیخ حسینہ واجد کے زوال سے سبق

ان کے بھاری بھرکم منشور میں لینے والے معاہدوں سے ان کی آمدنی کے مطابق ٹیکس جمع کرنے کی کوشش بھی نہ کی۔ بطور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی تعداد میں اضافہ مسلسل بڑھتی رہی۔ نہایت تجربہ اور لگن سے جدید دور میں درکار تعلیم کے حصول کے بعد یہ نوجوان درزی خانوں کے ملازم ہونہیں سکتے تھے۔ انہیں کھپانے کو دیگر وعدے متعارف کروانے پڑے تو جو بے ہودہ گفتار کے غازی نوجوانوں کے پاس معقول ماہوار آمدنی اور معاشرے میں عزت کمانے کا واحد ذریعہ سرکاری نوکری کا حصول رہ گیا تھا۔ سرکاری نوکریوں میں 90 سال سے موجود تعداد کو پر فریب منشور کے تحت ختم کر دیا گیا۔ اس کے بعد کوٹا ان نوجوانوں کو دیا گیا جو اپنے والدین کے ذریعے ”مجاہد“ کی سند حاصل کر چکے تھے۔ ”مجاہد“ کی اولاد کے لئے وقف تھا جنہوں نے 1971ء میں بنگلہ دیش کو پاکستان سے جدا کرانے کی تحریک میں نمایاں حصہ لیا تھا۔ روشن خیالی سے قطعاً محروم ہونے کے باوجود ریاستی جبر سے اپنے دل کی بھڑاس نکالنے کے تمام ذرائع سے محروم ہوئے نوجوان بالآخر سڑکوں پر آ گئے۔ انہیں انٹرنیٹ کے تمام پلیٹ فارم بند کر کے خاموش کرنے کی کوشش ہوئی۔ اگر سوشل میڈیا کے یوٹیوب، فیس بک یا ٹویٹر جیسے پلیٹ فارموں کے ذریعے نکال نہ جاسکے تو اس پر پریشر گروپ والا ڈھنکنا لگانے سے اجتناب برتیں۔ انٹرنیٹ تاریخی تناظر میں تقریباً گزرے دن ایجاد ہوا ہے۔ اس کی ایجاد سے قبل لیکن میری جوانی میں دوتہائی چیلنج چلیں۔ پہلی کا آغاز اکتوبر 1968ء میں ہوا تھا۔ اس کی وجہ سے ایوب خان استعفیٰ دینے کو مجبور ہوئے۔ انٹرنیٹ کی عدم موجودگی اور روایتی میڈیا پر کامل حکومتی اجارہ دار کے باوجود مارچ 1977ء نے دل دہلانے جیسا بھونچال کی حکومت کے خلاف بھی اس برس ہونے والے انتخاب میں دھاندلی کے الزام لگاتے ہوئے تحریک چل پڑی۔ ریاستی جبر اس پر قابو پانے میں قطعاً ناکام رہا۔ بالآخر جولائی 1977 کو جنرل ضیاء مارشل لاء سیٹ وطن عزیز پر مسلط ہو گئے۔ ان کے خلاف بھرپور انداز میں کوئی عوامی تحریک نہ چل پائی تو وجہ اس کی معاشی میدان میں گل وہ ”افغان جہاد“ تھی جو ”افغان جہاد“ کی بدولت ممکن ہو گئی تھی۔

پاکستان کی سیاسی تحاریک کا جائزہ اخباری کالم کے ذریعے ممکن نہیں۔ عرض صرف یہ کرنا ہے کہ پاکستان کو استحکام و طمانیت سے محفوظ رکھنا ہے تو نوجوانوں کے دلوں میں امید کی جوت جگانی ہے۔ اس کے لئے ہمیں سوشل میڈیا کی اثر پذیری کے ذریعے ایک طور پر کسی ملک میں طلسماتی ٹیکس جمع کرنے کی کوشش ہی نہ کی۔ جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کی تعداد میں اضافہ مسلسل بڑھتی رہی۔ نہایت محنت اور لگن سے جدید دور میں درکار تعلیم کے حصول کے بعد یہ نوجوان درزی خانوں کے ملازم ہو ن



میلبورن میں یوم آزادی کی تقریب کرکٹر وسیم اکرم نے کیک کاٹا

تقریب میں پاکستانی قونصل جنرل سید معظم شاہ، ڈپٹی قونصل جنرل فیصل حیات خان، سابق کپتان و لیجنڈ کرکٹر وسیم اکرم، رانا شاہد جاوید، ڈاکٹر محمد شہباز کی شرکت

میلبورن (عبدالوحید رہانی) آسٹریلیا کے شہر میلبورن میں پاکستان کے قونصل خانے میں وطن عزیز کے یوم آزادی کے موقع پر تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں پاکستانی قونصل جنرل سید معظم شاہ، ڈپٹی قونصل جنرل فیصل حیات خان، سابق کپتان و لیجنڈ کرکٹر وسیم اکرم، پاکستانی کمیونٹی کے معروف رہنماء رانا شاہد جاوید، ڈاکٹر محمد شہباز سمیت پاکستانی کمیونٹی کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کے آغاز میں فیصل حیات خان نے یوم آزادی پر صدر اور وزیراعظم پاکستان کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ ننھے بچوں نے ملی ترانے پڑھ کر تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ سابق کپتان وسیم اکرم نے یوم آزادی کا کیک کاٹا اور اس موقع پر انہوان نے کہا کہ پوری قوم کو یوم آزادی پر مبارکباد پیش کی اور تحریک آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وسیم اکرم نے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو مبارک باد دی اور کہا کہ یہ ارشد ندیم کی انفرادی محنت کا نتیجہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ بہت ہیں مگر پلیٹ فارم نہیں ہے۔ کھیلوں کیلئے باقاعدہ سسٹم ہونا چاہئے۔ پاکستان کی یوم آزادی کے موقع پر کرکٹ آسٹریلیا کی جانب سے پاکستان کے قونصل خانہ میں ایک روزہ ورلڈ کپ 2003 کی ٹرافی میں لائی گئی میلبورن میں پاکستان کے قونصل جنرل سید معظم شاہ نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔



میلبورن میں پاکستان کے قونصل خانے میں یوم آزادی کی تقریبات میں سابق کپتان وسیم اکرم یوم آزادی کا کیک کاٹا کر رہے ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے میڈل جیتنے پر 50 لاکھ انعام کا اعلان کیا، پیسے ابھی تک نہ ملے، محمد یاسر

لاہور ((شیروز میاں)) پاکستان نمبر دو جیولین تھرور محمد یاسر سلطان نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے 2023ء میں ایشین برانز میڈل جیتنے پر 50 لاکھ روپے کا اعلان گھر پر کیا، مجھے انعام اب تک نہیں ملا۔ اپنے والد کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے یاسر سلطان نے کہا کہ میرے والد روزانہ پوچھتے ہیں، میں کال کرتا ہوں مجھے جواب نہیں ملتا، میں ایتھیا کا برانز اور سلور میڈلسٹ ہوں۔ یاسر سلطان نے کہا کہ میں چکر لگا لگا کر تھک چکا ہوں، گھر جا کر جیسے ارشد ندیم کو انعام دیا گیا ایسے ہی مجھے ملنا چاہیے، آج ہمارے لیے ڈبگی خوشیوں کا دن ہے، ارشد ندیم نے ملک کا نام روشن کیا ہے، میرا مقصد بھی یہی ہے میں ارشد ندیم کا جونیئر ہوں۔

اولمپک کمیٹی کی چائنا میڈیا گروپ کو پیرس اولمپکس کی نشریات کی کامیابی پر مبارکباد



پیرس (این این آئی) انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کے صدر تھامس باخ نے پیرس سے چائنا میڈیا گروپ کے صدر کے نام ایک خط بھیجا جس میں چائنا میڈیا گروپ کو پیرس اولمپکس کی نشریات میں زبردست کامیابی پر مبارکباد دی گئی اور نشریات میں شریک تمام کارکنوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔ تھامس باخ نے اپنے خط میں کہا کہ 2024 کے پیرس اولمپکس کامیابی سے اختتام پذیر ہوئے اور چائنا میڈیا گروپ نے اولمپک کھیلوں کے دوران نہایت اہم کردار ادا کیا ہے، جس کی وجہ سے عالمی ناظرین کی تعداد ایک نئی بلندی پر پہنچ گئی۔ چائنا میڈیا گروپ کی مضبوط حمایت سے ہم نے مل کر دنیا بھر کے اربوں ناظرین تک اولمپک کھیلوں کی رسائی کو یقینی بنایا۔ چائنا میڈیا گروپ کی حمایت اور لگن کے بغیر موجودہ اولمپکس اتنی بڑی کامیابی حاصل کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے تھے۔ تھامس باخ نے کہا کہ آئی او سی ایم جی کے عملے جیسے مخلص میڈیا شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے پر فخر محسوس کرتا ہے اور شکر گزار ہے۔

فیفا کی پاکستان کو منفرد انداز میں یوم آزادی کی مبارکباد

زیورخ (این این آئی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے پاکستان کو یوم آزادی کی منفرد انداز میں مبارکباد پیش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق دنیا بھر کی طرح شخصیات اور تنظیموں کی طرح گوگل نے اپنے روایتی انداز میں ڈوڈل تبدیل کر کے پاکستان کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی جبکہ فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا کی جانب سے بھی پاکستان کو منفرد انداز میں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی گئی۔ فیفا کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر پاکستان کے خواتین اور مرد فٹبال کھلاڑیوں کی تصویر شیئر کرتے ہوئے اردو میں مبارکباد دی اور لکھا 77 سالہ آزادی کا جش! پاکستان کو یوم آزادی مبارک۔

اولمپکس سے پہلے 2 بار انجری کا شکار ہوا، ارشد ندیم

پشاور (این این آئی) پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے کہا ہے کہ اولمپکس سے پہلے 2 بار انجری کا شکار ہوا۔ اولمپکس چیمپئن ارشد ندیم نے گورنر ہاؤس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو جشن آزادی مبارک ہو، اولمپکس میں جیت پر والدین اور پوری عوام کا مشکور ہوں، گورنر ہاؤس میں اتنی عزت دی، پشاور کے عوام کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ایک کھلاڑی کے لیے عوام کی محبت ہی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

پاکستان، بنگلہ دیش کے درمیان کراچی ٹیسٹ تماشائیوں کے بغیر کرانے کا فیصلہ



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 30 اگست سے 3 ستمبر کے دوران کراچی میں منعقد دوسرا ٹیسٹ میچ تماشائیوں کے بغیر کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ دونوں ٹیموں کے دوران دوسرا ٹیسٹ 30 اگست سے 3 ستمبر تک نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں ہوگا، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کی تیاری کے لیے تعمیراتی کام کی وجہ سے یہ مشکل فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے کہا کہ اپنے قابل قدر شائقین کی قدر کرتے ہیں لیکن ان کی صحت اور حفاظت ہمارے لیے اہم ہے، یہ تعمیراتی کام آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے اسٹیڈیم کو بہترین سہولتوں میں لانے کے لیے ہے۔ پی سی بی نے کہا کہ کراچی ٹیسٹ کی ٹکٹوں کی فروخت معطل کر دی گئی ہے، جن لوگوں نے ٹکٹ خرید لیے ہیں، ان کی رقم انہیں واپس کر دی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیم ٹیسٹ سیریز کھیلنے کے لیے لاہور کے علامہ اقبال ایئرپورٹ پہنچی تھی، ٹیم کو سخت سیکیورٹی میں نجی ہوٹل پہنچایا گیا تھا۔

قذافی نیشنل، راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیمز کے ڈیزائن کی حتمی منظوری

لاہور ((شیروز میاں)) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قذافی اسٹیڈیم لاہور، نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کے ڈیزائن کی حتمی منظوری دے دی۔ پی سی بی کی جانب سے بتایا گیا کہ تینوں اسٹیڈیمز کو بین الاقوامی معیار کے مطابق اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے تینوں اسٹیڈیمز کے ڈیزائن پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی دورہ برطانیہ میں انٹرنیشنل اسٹیڈیمز ڈیزائن کرنے والی کمپنی کے ہیڈ آفس گئے جہاں بی ڈی پی حکام نے اسٹیڈیمز کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر انہیں بریفنگ دی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے ڈیزائن تیار کرنے والے اسٹاف کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ڈیزائن کے مطابق اسٹیڈیمز کو مقررہ مدت میں مکمل کرنا ایک بڑا ٹاسک ہے۔

طلاق کے کچھ روز بعد ہاردیک پانڈیا کی جیسمین والیہ سے ڈیٹنگ شروع



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ہاردیک پانڈیا نے اپنی اہلیہ نتاشا اسٹینکو وچ سے طلاق کے کچھ ہی روز بعد برطانوی گلوکارہ جیسمین والیہ سے ڈیٹنگ شروع کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 30 سالہ ہاردیک پانڈیا اور 29 سالہ جیسمین والیہ کی ڈیٹنگ کی افواہیں زیر گردش ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ دونوں یونان میں ساتھ چھٹیاں گزار رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہاردیک پانڈیا اور جیسمین والیہ کی ڈیٹنگ کی افواہیں اس وقت شروع ہوئی تھیں جب مداحوں نے غور کیا کہ یہ دونوں سوشل میڈیا پر ایک ہی جگہ سے ایک جیسی تصاویر شیئر کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں نے ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر بھی ایک دوسرے کو فالو کرنا شروع کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق برطانوی گلوکارہ اور ٹیلی ویژن کی شخصیت جیسمین والیہ کی میوزک انڈسٹری میں ایک پہچان ہے اور وہ کافی مشہور ہیں، وہ انگلینڈ میں بھارتی نژاد والدین کے ہاں پیدا ہوئی تھیں۔ واضح رہے کہ ہاردیک پانڈیا اور ان کی اہلیہ سربین اداکارہ و ماڈل نتاشا اسٹینکو وچ کی 4 سالہ شادی گزشتہ ماہ جولائی میں طلاق پر ختم ہوگئی تھی۔

ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں بابر اعظم کا پہلا نمبر برقرار



بھارت کے روہت شرما ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے

بھارت کے ہی شبمن گل ایک درجے تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے ہیں

شاہین آفریدی بولنگ رینکنگ میں 2 درجے ترقی کے بعد 7 ویں نمبر پر آگئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی ون ڈے بیٹنگ رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ بھارت کے روہت شرما ایک درجے ترقی کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے ہیں جبکہ بھارت کے ہی شبمن گل ایک درجے تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے ہیں اور ویرات کوہلی کی چوتھی پوزیشن برقرار ہے۔ بولرز میں جنوبی افریقا کے کیشو مہاراج کی پہلی اور جوش ہیزل ووڈ کی دوسری پوزیشن برقرار ہے۔ پاکستان کے شاہین آفریدی بولنگ رینکنگ میں 2 درجے ترقی کے بعد 7 ویں نمبر پر آگئے۔ ون ڈے آل راؤنڈرز میں افغانستان کے محمد نبی کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔

ورلڈ کپ کے دوران بیٹی کے انتقال کی خبر ایک ماہ بعد پتا چلی، علیم ڈار

والد کی سخت ہدایات کے باوجود سیالکوٹ کے ایک بندے نے اخبار میں میری بیٹی کے انتقال کی خبر شائع کی، سابق امپائر

اسلام آباد (این این آئی) سابق انٹرنیشنل امپائر علیم ڈار نے کیریئر کے آغاز میں ہی اپنی نومولود بیٹی کھونے کا دلخراش واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ورلڈ کپ کے دوران بیٹی کے انتقال کی خبر ایک ماہ بعد پتا چلی۔ ایک انٹرویو میں سابق امپائر نے بتایا کہ میں 2003 میں ورلڈ کپ کے میچز کے لیے امپائرنگ کر رہا تھا، یہ ایک بین الاقوامی دورہ تھا اور میرے کیریئر کا آغاز تھا، میں پینل میں سب سے کم عمر امپائر تھا، میرے 12 بین الاقوامی میچز تھے اور 2003 کا ورلڈ کپ میری زندگی کا اہم موڑ تھا۔ علیم ڈار نے بتایا کہ ورلڈ کپ کو تین دن ہوئے تھے کہ میری چھوٹی بیٹی 7 مہینے کی تھی اور اس کا انتقال ہوگیا تھا، میرے گھر والوں سمیت میری اہلیہ نے مجھے پورے ایک مہینے تک اس بات کی خبر نہیں دی کیونکہ وہ جانتے تھے کہ یہ میرے کیریئر کا آغاز ہے اور اس خبر سے کیریئر پر کوئی فرق نہ پڑے۔ سابق امپائر نے کہا کہ والد کی سخت ہدایات کے باوجود سیالکوٹ کے ایک بندے نے اخبار میں میری بیٹی کے انتقال کی خبر شائع کی اور جنوبی افریقا کے شہر جوہانسبرگ میں ایک شخص مجھ سے ملا اور کہا کہ آپ کی بیٹی کے انتقال کا افسوس ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت میں ورلڈ کپ کے سیمی فائنل تک پہنچ چکا تھا وہ بہت اچھا ورلڈ کپ تھا لیکن جب میں نے یہ خبر سنی تو اپنی بیوی کو فون کیا، وہ رونے لگی اور پتا چلا کہ ایک ماہ پہلے انتقال ہوگیا تھا، اس کے بعد میں فوری پاکستان واپس آگیا۔







SHOWBIZ

بعض اداکارائیں رومانوی مناظر شوٹ نہیں کرواتیں، وہ مرد اداکار کو چھونے نہیں دیتیں، لائبہ خان



لاہور (ویب ڈیسک) ابھرتی ہوئی اداکارہ لائبہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ جہاں متعدد پاکستانی اداکارائیں ڈراموں میں رومانوی مناظر شوٹ نہیں کرواتیں، وہ مرد اداکار کو چھونے تک نہیں دیتیں، وہیں متعدد اداکارائیں ہر طرح کے جذباتی مناظر بھی شوٹ کرواتی ہیں۔ حال ہی میں لائبہ خان اور علی انصاری نے 'فوچیا میگزین' کو انٹرویو دیا، جہاں انہوں نے ڈراموں میں رومانوی مناظر شوٹ کروانے کے سوال پر کھل کر بات کی۔ دونوں نے اعتراف کیا کہ رومانوی مناظر شوٹ کروانے سے قبل دونوں ساتھی اداکاروں کو ایک دوسرے بات کر کے ایک دوسرے کے تحفظات ختم کرنے چاہیے۔ علی انصاری نے کہا کہ شوٹنگ کے دوران 'بعض مناظر کو بار بار شوٹ کروایا جاتا ہے اور اگر کسی رومانوی منظر کو بار بار شوٹ کیا جائے تو مسئلہ ضرور ہوتا ہے۔ ان کے مطابق اصل زندگی میں شادی شدہ جوڑے یا ایک دوسرے سے محبت کرنے والے افراد ایک ہی بار ایک دوسرے سے گلے مل کر جذبات کا اظہار کر دیتے ہیں لیکن شوٹنگ کے دوران وہی منظر بار بار شوٹ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بعض اوقات پورا منظر شوٹ ہونے کے اسے صرف اسی وجہ سے دوبارہ شوٹ کیا جاتا ہے کہ کوئی ایک ہلکا سا مسکرا دیتا ہے یا پھر کیمرے کا فوکس ٹھیک نہیں ہوتا۔ علی انصاری کے مطابق رومانوی مناظر شوٹ کروانا آسان نہیں ہوتا، اس لیے دوسرے ساتھی اداکار کے ساتھ غلط ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں، اس لیے ایسے مناظر شوٹ کروانے سے قبل دونوں اداکار ایک دوسرے سے بات کر کے اپنی اپنی حدود پوچھ لیں اور پھر اسی حساب سے منظر کو شوٹ کروائیں تو بہتر ہوگا۔

'بُرزخ' کے معاملے پر ماریہ بی کے ساتھ ہوں، شوبز میں ہم جنس پرست لوگ موجود ہیں، خلیل الرحمٰن قمر

لاہور (ویب ڈیسک) معروف ڈراما ساز خلیل الرحمٰن قمر نے کہا ہے کہ وہ 'بُرزخ' ویب سیریز کے معاملے پر ماریہ بی کے ساتھ کھڑے ہیں، وہ اچھی، حق اور سچ بولنے والی خاتون ہیں، وہ اپنے سماج اور معاشرتی اقدار کو بچانے کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ خلیل الرحمٰن قمر نے حال ہی میں جی این این کو دیے گئے انٹرویو میں اس بات کا بھی انکشاف کیا کہ شوبز اور فیشن انڈسٹری میں ہم جنس پرستی کی جانب راغب لوگ موجود ہیں، تاہم وہ کتنی تعداد میں ہیں، وہ اس متعلق نہیں جانتے۔ ڈراما ساز کا کہنا تھا کہ 'بُرزخ' جیسی ویب سیریز اور ڈرامے ایجنڈے کے تحت بنائے جاتے ہیں اور ایسے ڈرامے بنانے میں آلہ کار بننے والے اداکار، ہدایت کار اور لکھاری قابل مذمت ہیں۔ ان کے مطابق ہم جنس پرستی جیسے موضوعات پر ڈرامے، فلمیں اور ویب سیریز بنا کر مذکورہ قبیح عمل کو سماج میں قابل قبول بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ڈراما ساز کا کہنا تھا کہ ایجنڈا کے تحت نئی نسل کو تیار کرنے کے بجائے ڈراموں، فلموں اور ویب سیریز کے ذریعے ہم جنس پرستی جیسے فعل کو سماج میں قابل قبول بنانے کی سازش کی جا رہی ہے۔

سرکاری ٹی وی چینل پی ٹی وی میں اصلاحات کا آغاز، ملازمین کی مراعات ختم

سرکاری ٹی وی پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) میں اصلاحات کا آغاز ہوگیا جس کے تحت بڑھتے اخراجات پر قابو پانے کے لیے اس کے ملازمین کی تمام تر مراعات پر پابندی عائد کر دی گئی۔ سرکاری ٹی وی چینل کے ملازمین کی گاڑیوں کے نئے ٹائر اور مرمت پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اینکرز اور ریسرچرز کی نئی تقرریاں بھی نہیں ہوں گی، آفیشل لنچ، ڈنر، انٹرٹینمنٹ اور ریفریشمنٹ پر بھی پابندی ہوگی۔ اس کے تحت تمام قسم کے اعزازیہ اور کیش مراعات کو بھی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، ٹرانسفر اخراجات، ٹریول الاؤنس، ڈیلی الاؤنس اور ہوٹلز قیام پر بھی پابندی لگا دی گئی ہے۔

نمرہ خان کو اغوا کرنے کی کوشش کی سی سی ٹی وی فوٹیجز سامنے آگئیں

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ نمرہ خان کو ایک روز قبل سندھ کے دارالحکومت کراچی کے پوش علاقے ڈی ایچ اے میں اغوا کرنے کی کوشش کی سی سی ٹی وی فوٹیجز سامنے آگئیں۔ سی سی ٹی وی فوٹیجز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ اداکارہ ہوٹل کے سامنے رات گئے گاڑی کے انتظار میں روڈ پر کھڑی ہوتی ہیں کہ ان کے پاس موٹر سائیکل سوار ملزمان آتے ہیں۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ موٹر سائیکل ملزمان کے آنے کے بعد اداکارہ انہیں دھکا دے کر وہاں سے بھاگ نکلتی ہیں اور وہ مین روڈ پر آجاتی ہیں۔ ویڈیو میں روڈ پر معمول کے مطابق ٹریفک کی روانی بھی نظر آتی ہے جب کہ روڈ کی دوسری طرف ہوٹل کے سیکیورٹی گارڈز کو بھی کھڑا دیکھا جا سکتا ہے۔

نازیہ حسن: پاپ موسیقی کی ملکہ جن کا کریئر 'مختصر مگر جادوئی تھا'

نازیہ حسن تین اپریل 1965 کو کراچی کے ایک متمول خاندان میں پیدا ہوئیں۔ والد بزنس مین تھے تو والدہ سوشل ورکر جو موسیقی میں بھی دلچسپی رکھتی تھیں۔ وہ اپنی بیٹی میں پنہاں گلوکارہ کو دریافت کرنے میں کامیاب ہوگئیں جن کی حوصلہ افزائی کے باعث ہی انڈیا اور پاکستان کو ایک ایسی گلوکارہ ملی جس کا فن آج بھی زندہ ہے۔ نازیہ حسن نے 'قربانی' کے لیے گیت تو گا دیا مگر اُن کی زیادہ توجہ پڑھائی پر ہی رہی۔ بالی ووڈ کے 'شومین' راج کپور تھے، انہوں نے فون پر کہا، بہترین پلے بیک گلوکارہ کا ایوارڈ نازیہ حسن کو دینے کا فیصلہ کیا ہے، نازیہ حسن یہ ایوارڈ وصول کرنے والی کم عمر ترین فنکارہ ہیں۔ یہ ریکارڈ شاید ہی کبھی ٹوٹ پائے۔

یشما گل کو بیرون ملک بولڈ لباس میں سیر سپاٹوں کی ویڈیو پر تنقید کا سامنا



لاہور (ویب ڈیسک) اداکارہ یشما گل کو ترکیہ میں گرمیوں کی چھٹیاں منانے کے دوران بولڈ لباس پہن کر سیر سپاٹوں کی ویڈیو وائرل ہونے پر تنقید کا سامنا ہے۔ اداکارہ حال ہی میں ملک کے شمالی علاقہ جات کی سیر کے بعد دیگر اداکاروں کی طرح گرمیوں کی چھٹیاں منانے بیرون ملک گئیں، جہاں سے وہ ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرتی رہتی ہیں۔ یشما گل نے ترکیہ میں جینز پینٹ اور ٹی شرٹ میں سیر سپاٹے کرنے کی ویڈیو شیئر کی تو وہ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی اور صارفین نے انہیں آڑے ہاتھوں لیا۔ اداکارہ کی مذکورہ ویڈیو کو دوسرے سوشل میڈیا پیجز کی جانب سے بھی شیئر کیا گیا، جہاں مداحوں نے اداکاروں کو لباس پر آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے انہیں شرم دلانے کی کوشش کی۔ رَل ہونے والی ویڈیو میں اداکارہ کو ترکیہ کی سیاحتی مقام پر دیکھا جا سکتا ہے اور وہ خوشی سے مختلف دکانوں اور اسٹالز کو دکھائی نظر آتی ہیں۔ ویڈیو میں ان کے لباس کو دیکھ کر سوشل میڈیا برہم دکھائی دیے اور ان کے لیے نامناسب الفاظ کا استعمال کیا اور لکھا کہ والدین ان کی بہتر اور مناسب لباس پہننے کی تربیت بھی نہیں کر سکے۔ بعض افراد نے انہیں طعنے دیتے ہوئے لکھا کہ جو لوگ یشما گل کے لباس کو فحش قرار دے کر یہ لکھ رہے ہیں کہ وہ جسم کی نمائش کر رہی ہیں۔

طلاق کی افواہ، ابھیشیک بچن نے خاموشی توڑ دی



ابھیشیک بچن نے حال ہی میں میڈیا سے گفتگو میں طلاق کی افواہوں اور خبروں سے متعلق اظہار خیال کیا ہے، جس پر اداکار ایک بار پھر وائرل ہوگئے ہیں۔ ٹائمز آف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق ابھیشیک بچن کی جانب سے میڈیا کو اپنی شادی کی انگوٹھی دکھائی گئی تھی، جو کہ اداکار کے ہاتھ میں موجود تھی۔ اس موقع پر ابھیشیک بچن کا کہنا تھا کہ 'میں شادی شدہ ہی ہوں'۔ اداکار کا مزید کہنا تھا کہ اس حوالے سے میرے پاس آپ کو بتانے کے لیے کچھ نہیں ہے، آپ سب نے ایک موضوع کو بالکل مختلف بنا دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے ایسا کیوں کیا ہے، آپ اپنا کام کر رہے ہوتے ہیں، ٹھیک ہے، ہم سیلیبریٹیز ہیں، ہمیں یہ سب برداشت کرنا پڑتا ہے'۔ اس سے قبل ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے طلاق، گھریلو تنازعات کی خبروں کے باعث وائرل تھے، جبکہ گزشتہ ماہ اننت امبانی کی شادی کی تقریب میں بھی ایشوریا رائے بیٹی کے ہمراہ پہنچی تھیں، جبکہ ابھیشیک بچن والدین اور بہن کے ہمراہ پہنچے، جس نے دونوں کے ازدواجی معاملات پر سوالات اٹھا دیے تھے۔ بھارتی میڈیا کی جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا جا تا رہا ہے کہ نند اور بھابھی کے درمیان 'کچھ اچھا' نہیں ہے، یعنی ایشوریا رائے اور شویتا بچن کے درمیان تعلقات خراب ہونے کے باعث میاں بیوی کے رشتے پر بھی اثر پڑ رہا ہے۔

طعنوں کی وجہ سے میں نے شوبز کیریئر کے آغاز میں ہی جلد شادی کر لی، حنا چودھری

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ حنا چودھری نے کیریئر کے آغاز میں ہی شادی کرنے کی وجہ بتا دی۔ حال ہی میں اداکارہ حنا چودھری نے ایک انٹرویو کے دوران جہاں اپنے کیریئر کے حوالے سے بات کی وہیں انہوں نے اپنی نجی زندگی سے متعلق بھی کھل کر اظہار خیال کیا۔ شادی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے حنا چودھری نے بتایا کہ شوبز میں آنے سے قبل ہی میری منگنی ہو چکی تھی اور جیسے ہی میں نے شوبز کیریئر شروع کیا تو لوگوں نے مجھے اور میرے منگیتر کو طعنے دینا شروع کیے کہ اب لڑکی شوبز میں چلی گئی ہے، وہ بدل جائے گی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ لوگوں کے طعنوں کی وجہ سے میں نے شوبز کیریئر کے آغاز میں ہی جلد شادی کر لی جس کے بعد میں کیریئر کو بڑھانے کیلئے لاہور سے کراچی چلی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

تاجر عثمان زرگر مقامی صحافی صنان زرگر کے دادا نعیم ندیم زرگر کے والد محمد حسین زرگر کی وفات

مرحوم محمد حسین زرگر کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ گنج شہداء میں ادا کر دی گئی



مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) مقامی تاجر عثمان زرگر مقامی صحافی صنان زرگر کے دادا نعیم زرگر محمد ندیم زرگر کے والد محترم محمد حسین زرگر کی نماز جنازہ میں سیاسی سماجی شخصیات و تاجر برادری، وکلاء، صحافی برداری کی بھر پور شرکت۔ نماز جنازہ میں سول سوسائٹی، سرکاری افسران اور ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوئے۔ نماز جنازہ کے بعد مرحوم کے درجات کی بلندی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔ مرحوم محمد حسین زرگر کافی عرصہ سے علیل تھے گزشتہ روز وفات پا گئے تھے مرحوم کی قل خوانی کا ختم شریف 14 اگست بروز بدھ مسجد شیخاں والی میں بعد نماز فجر پڑھا گیا

آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے جسکا نعم البدل نہیں، ریاض الحق جج

ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی بے پناہ قربانیوں کے بعد پاکستان حاصل کیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ممبر قومی اسمبلی ریاض الحق جج نے کہا ہے کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں، ہم نے اپنے آباؤ اجداد کی بے پناہ قربانیوں کے بعد پاکستان حاصل کیا ہے اور ان کی بے مثل قربانیاں ہم سے تقاضا کرتی ہیں کہ ہم وطن عزیز کی ترقی اور خوشحالی کے لیے شبانہ روز کاوشیں کریں، یہ باتیں انہوں نے ڈی سی آفس میں منعقدہ پرچم کشائی کی تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیں، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ر فرخ عتیق خان، ایم پی اے غلام رضا ربیرہ، ڈی پی او طارق عزیز سندھو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ محمد طاہر، صدر بار راؤ محمد اشرف، جنرل سیکریٹری بار بدر ذوالقرنین، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑا سورٹھ مبشر، سی ای او ایجوکیشن وزیر احمد آغا، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، میاں علی حسن سمیت دیگر محکموں کے افسران، علمائے کرام، سول سوسائٹی اور شہریوں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، تقریب کا آغاز سائرن بجا کر کیا گیا اور 1 منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور ایم این اے ریاض الحق جج، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان، ایم پی اے غلام رضا ربیرہ اور ڈی پی او طارق عزیز سندھو نے پرچم کشائی کی، اس دوران پولیس، ایلیٹ فورس اور ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستوں نے سلامی بھی پیش کی۔

وہ قومیں زندہ نہیں ہوتیں جو اپنے ہیروز کو بھلا دیتی ہیں، ڈاکٹر حبیب الرحمن

ملک بھر کی طرح جہلم ضلع بھر کے کالجز میں بھی یوم جشن آزادی انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم 14 اگست یوم آزادی منانے کا مقصد آزادی کے جذبے کو زندہ رکھنا ہے اور وہ قوم کبھی زندہ نہیں ہوتیں جو اپنے قومی ہیروز اور ماضی کو بھلا دیتیں ہیں، ان خیالات کا اظہار ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) ڈاکٹر حبیب الرحمن نے کالج میں جشن آزادی کے موقع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی طرح جہلم ضلع بھر کے کالجز میں بھی یوم جشن آزادی انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ جس کے لئے تمام کالجز میں خصوصی انتظامات کیے گئے، جشن آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں کالجز کی عمارات کو برقی قمقموں سے سجایا گیا۔ صبح کا آغاز پرچم کشائی اور قومی ترانے سے کیا گیا۔ کالج کے ہالز میں سیمینارز، قومی نغمے اور ٹیبلو پیش کئے گئے، کالجز کے تمام سٹاف کے ساتھ ملکر طلباء و طالبات نے قومی پرچموں کو اٹھائے واک اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگاتے رہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) سمیت تمام کالجز کے پرنسپلز، سٹاف اور طلباء نے کالجز کے احاطے میں پودے بھی لگائے اور طلباء کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے گھروں اور کھلی جگہوں میں پودے لگائیں۔

راجپوت ویلفیئر کے آرگنائزیشن کے زیر اہتمام جشن آزادی تقریب کا انعقاد

چیف آرگنائزر رانا منصور قیصر کی رہائشگاہ پر کیک کاٹا گیا، مقررین نے تقریب سے خطاب بھی کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) جشن آذای 14 اگست 2024 کے موقع پر راجپوت ویلفیئر ارگنائزیشن کہ زیر اہتمام وائس چیئر مین رانا مسرور انور چیف ارگنائزر رانا منصور قیصر کی رہائش گاہ دوبئی ٹاون ایک پروقار کیک کٹنگ سرمنی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں خصوصی شرکت سرپرست اعلی راجپوت ویلفیئر ارگنائزیشن رانا طاہر محمود اونر رائیل سینٹری سٹور رہنما راجپوت برادری سماجی رہنما رانا قدوس راو شبیر احمد رانا رفیق MCO رانا عبدالمجید واپڈا رانا آصف جبار سینئر صحافی رانا اعجاز رانا نواز رانا جمیل رانا نعیم رانا اویس رانا امجد منھو اور چوہدری صادق و دیگر ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر رانا طاہر محمود رانا قدوس راؤ شبیر احمد رانا مسرور انور رانا منصور قیصر اور دیگر راجپوت ویلفیئر ارگنائزیشن کے ممبران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جشن آزادی کا دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے 14 اگست امن محبت اور اتحاد کا دن ہے۔ ہمارے بزرگوں نے لاکھوں جانوں کا نذرانہ دے کر ہمیں آزادی لے کر دی آج ہم ایک آزاد خطے میں آزاد ہیں آزادی بہت بڑی نعمت ہے ہمیں آپس میں اتحاد اتحاد اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھیں گے۔

جہلم بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بجلی کے بلز نے صارفین کو بھکاری بنا دیا، شہری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بجلی کے بلز نے صارفین کو بھکاری بنا دیا۔ ہوشربا مہنگائی اور آسمان سے باتیں کرتے بجلی بلز کے ہاتھوں غریب، امیر، صنعتکار اور کسان بھی پریشان، حکومت کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں، عوام کی چیخوں کو سننے کی بجائے، حکمران چین کی بانسری بجانے میں مصروف، ان خیالات کا اظہار شہر کی سماجی، رفاعی، فلاحی، کاروباری شہری تنظیموں کے عمائدین نے جہلم پریس کلب کے صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت کے معیشت کو ٹھیک کرنے کے بلند و بانگ دعوے تو دوسری طرف بڑھتی ہوئی مہنگائی اور عوام پر ٹیکسوں کے بوجھ میں اضافہ کر کے عوام کی کمر توڑ کے رکھ دی ہے۔

یوم آزادی منانے کا مقصد وطن سے محبت ہے، ڈاکٹر فضل الحق (فضلی)

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم زندہ قومیں اپنی آزادی جوش وخروش سے مناتی ہیں، یوم آزادی منانے کا اصل مقصد اپنے وطن سے محبت کرنے اور ملک وملت کی تعمیر وترقی میں بہتری کے لئے تجدید عہد کا دن ہے، ان خیالات کا اظہار ضلع جہلم کی معروف سماجی و سیاسی شخصیت ڈاکٹر فضل الحق (فضلی) نے جہلم پریس کلب میں 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی طرح ضلع جہلم میں بھی 77 واں یوم آزادی شایان شان طریقے اور جوش وخروش سے منایا جا رہا ہے۔

اوکاڑہ: ممبر قومی اسمبلی ریاالحق جج اور ڈپٹی کمشنر کی جانب سے پلانٹ فار پاکستان مہم کا آغاز



ڈپٹی کمشنر (ر) فرخ عتیق خان جشن آزادی کے موقع پر بہترین ملی نغمہ پیش کرنے پر گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول کی طالبہ کو ٹرافی دے رہے ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ممبر قومی اسمبلی ریاض الحق جج اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے یوم آزادی کے موقع پر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ڈسٹرکٹ کمپلیکس سے ملحقہ پارک میں پودے لگاتے ہوئے ضلع بھر میں بھر پور شجر کاری کے عزم کا اظہار کیا، اس موقع پر ایم پی اے غلام رضا ربیرہ، ڈی پی او طارق عزیز سندھو، صدر بار راؤ محمد اشرف، جنرل سیکریٹری بار بدر ذوالقرنین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ سورٹھ مبشر نے پارک میں کثیر تعداد میں پودے لگائے، بعد ازاں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر کے ہمراہ ضلع کونسل، میاں زمان پارک اور گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی سکول، گورنمنٹ سنگچ گرلز ہائی سکول، گورنمنٹ سنگچ بوائز ہائی سکول، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سٹی، بنیادی مرکز صحت ون فورایل میں پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت پودے لگائے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں اور گلوبل وارمنگ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کثیر تعداد میں شجر کاری کرنا ہوگی، پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم وطن عزیز کو خوبصورت سرسبز وشاداب بنانے کے لیے پودے لگائیں گے تاکہ ماحول کو صاف اور معطر کیا جاسکے اور موسمی تبدیلیوں پر قابو پایا جاسکے، تمام محکموں کی جانب سے یوم ازادی کے موقع پر مجموعی طور پر ضلع بھر میں 20 ہزار پودے لگائے جائیں گے۔

میونسپل کمیٹی بھلوال میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب منعقد ہوئی تقریب میں ایم پی اے منصور اعظم سندھو کی شرکت

سابق تحصیل ناظم ملک امتیاز بھرتھ اسسٹنٹ کمشنر سعد بن خالد، ڈی ایس پی وقار، چیف آفیسر وقاص ہرل و دیگر بھی شریک



بھلوال (تحصیل رپورٹر) میونسپل کمیٹی بھلوال میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب منعقد ہوئی تقریب میں ایم پی اے منصور اعظم سندھو، سابق تحصیل ناظم ملک امتیاز بھرتھ اسسٹنٹ کمشنر سعد بن خالد، ڈی ایس پی وقار، چیف آفیسر وقاص ہرل سٹی صدر افتخار احمد مغل، ممتاز پنجوتھہ، حنات ملک، سابق چیئرمین چوہدری محمد اکرم، رانا شہزاد علیم خان، صدر بھلوال پریس کلب مرزا محمد اسلم بیگ، حافظ ضیاء الرحمن، رانا جاوید، محمد علی سمیت سیاسی وسماجی تنظیموں کے عہدیداران نے شرکت کی ریسکیو 1122 کے چاک وچوبند دستے نے پرچم کو سلامی دی اس موقع پر ملکی سلامتی اور استحکام کے لئے دعائیں مانگی گئی اس موقع پر منصور اعظم سندھو ایم پی اے نے کہا کہ آج کے دن پاکستان کے تمام گمنام ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں ہم اپنے آباؤ اجداد کی قربانیوں کو فراموش نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ان قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے آباؤ اجداد نے دے کر اس ملک کو حاصل کیا ہمیں آج کی آزادی فراہم کرنے کے لئے ہمارے بڑوں کی یادوں قربانیاں کو ہم کبھی فراموش نہیں کر یا اللہ ملک پاکستان کی حفاظت فرما اس کی طرف اٹھنے والی ہر بری نظر کو نیست ونابود کر دے آمین مسلم لیگ ن سٹی آفس میں افتخار احمد مغل کی قیادت میں، چوہدری محمد اکرم وائس چیئر مین کی قیادت میں، چوہدری عبدالوحید کی قیادت میں ان کے آفس اور موبائل یونین مہر عمران حمید کی قیادت میں ان کے آفس میں کیک کاٹا گیا جس میں صدر موبائل یونین مہر عمران حمید، حافظ ضیاء الرحمن، مہر محمد شفیق، منصور علوی، مرزا محمد اسلم بیگ، شازیب امیر، علی مرتضیٰ، خواجہ کاشف، خواجہ عبدالقیوم، شہباز طالب دیگر نے شرکت کی بعز ازاں تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال بھلوال مریضوں میں فروٹ تقسیم کیا گیا اور فیملی پارک میں پودے بھی لگائے گئے اس موقع پر منصور اعظم سندھو ایم پی اے تمام پاکستانیوں کو جشن آزادی مبارک ہو۔

اوکاڑہ: پولیس نے پانچ قمار باز اور چھ منشیات فروش گرفتار کر لئے

منشیات فروشوں سے 24 کلو 610 گرام چرس اور 170 لیٹر شراب برامد کر لی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے 5 قمار باز اور 6 منشیات فروش گرفتار کر لئے منشیات فروشوں سے 24 کلو 610 گرام چرس اور 170 لیٹر شراب بر امد کر لی گئی تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم کو اطلاع ملی کہ چند جواری اسامہ ٹاون حجرہ چوک میں ایک ڈھرے پر بیٹھے تاش پر جوا کھیل رہے ہیں جس پر پولیس نے چھاپہ مار کر 5 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا پولیس نے داو پر لگی رقم 7600 برامد کر کے قبضہ میں لے لی۔ اوقمار بازوں کے خلاف مقدمہ نمبر 2271/24 درج رجسٹر کر لیا ہے۔ جبکہ پولیس تھانہ بھیر پور نے منشیات فروش عدنان سے 10 کلو 250 گرام چرس۔ محبوب ربانی سے 10 کلو چرس۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن نیمنشیات فروش شہباز کو قابو کر کے 2 کلو 100 گرام چرس اور ایک کلو 100 گرام چرس برامد کر لی۔ پولیس تھانہ ستکھرہ نیاظہر محمود سے 2150 - منشیات فروش بشیر سے 2260 گرام چرس برامد کر کے قبضہ میں لے لی۔

سمال انڈسٹریز وزیر آباد کے پلاٹ مالکان اپنے ذمہ بقایات جات فوری کلیئر کر کے قبضہ حاصل کریں، زاہد صفدر ملک

گرڈ اسٹیشن کی تعمیر یکم ستمبر تک مکمل ہو جائے گی جس سے وہاں پر تعمیر کی جانے والی فیکٹریوں کو بجلی کی سہولت فوری مہیا کر دی جائے گی

جلد 5 مرلہ کے پلاٹ فراہم کرنے کے لیے پنجاب حکومت کے معاشی وژن کا حصہ بنے گی، ریجنل ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن گوجرانوالہ



وزیر آباد (نامہ نگار) ریجنل ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن گوجرانوالہ زاہد صفدر ملک اور چیئرمین پاکستان کٹلری کنسورشیم و سینئر رہنما فاونڈر گروپ وزیر آباد محمد خالد مغل نے 14 اگست کو جشن آزادی کے حوالے سے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد میں ان کے پلاٹ مالکان سے اپیل کرتے ہیں کہ اپنے 17 کروڑ روپے کے بقایا جات فوری کلیئر کریں اور اپنے پلاٹ کی فوری پوزیشن حاصل کریں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد میں گرڈ اسٹیشن کی تعمیر یکم ستمبر تک مکمل ہو جائے گی جس سے وہاں پر تعمیر کی جانے والی فیکٹریوں کو بجلی کی سہولت فوری مہیا کر دی جائے گی سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد کے بقایا جات کلیئر ہونے کے بعد کٹلری آرٹ اینڈ کرافٹ ویلیج وزیر آباد کی تعمیر کے لیے بھی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن سٹی آف کٹلری وزیر آباد کے ہنر مندوں کی ایکسپورٹ اور آن لائن مارکیٹنگ اور بریڈنگ میں ان کا پارٹنر بنے گا اور ان کو جلد 5 مرلہ کے پلاٹ فراہم کرنے کے لیے پنجاب حکومت کے معاشی وژن کا حصہ بنے گی کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کی زیر قیادت قائم بزنس فیسلیٹیشن سینٹر گوجرانوالہ نے مقامی صنعتوں کی ترقی کے لیے کام شروع کیا ہوا ہے جس سے ان کے مسائل میں کمی واقع ہو رہی ہے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد کی جلد آباد کاری کے لیے کمشنر گوجرانوالہ کی زیر قیادت کام کریں گے۔



بھلوال: موبائل یونین کے عہدیداران وممبران نے 14 آگست کے حوالہ سے کیک کاٹا گیا اس موقع پر صدر مہر عمران حمید، سرپرست اعلی حافظ ضیاء الرحمن، جنرل سیکرٹری منصور علوی علی مرتضی انفارمشن سیکرٹری، خواجہ عبدالقیوم، شاہ زیب امیر، خواجہ سنی ہمرز امحمد اسلم بیگ، مہر محمد شفیق، صوفی شہباز طالب، راجہ شوکت، خواجہ کاشف اور دیگر کی شرکت

جرم وسزا

CRIME & COURT

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اوکاڑہ میں 77 ویں یوم آزادی کی تقریبات کا انعقاد

جج صاحبان، سٹاف آفیسر، سینئر اہلکاران سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے شرکت کی، شرکاء نے خطاب بھی کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اوکاڑہ میں 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی شاندار تقریب منعقد ہوئی جس میں جج صاحبان، سٹاف آفیسر، سینئر اہلکاران سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اوکاڑہ میں 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مسرور انور، وقار سلطانی، سینئر سول جج الیاس رضا ناصر، سول جج عبدالحفیظ، سٹاف آفیسر احسن فرید لنگاہ، ACOC امتیاز احمد سمیت سینیئر اہلکاران و مختلف مکاتب فکر کے افراد سے شرکت کی۔ اس موقع پر تلاوت قرآن کریم کے بعد نعت شریف پڑھی گئی بعد ازاں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مسرور انور خاں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے یہ ملک تاریخی جانی ومالی قربانیوں کی بدولت حاصل کیا ہے ہمیں آزادی کی اس نعمت پر اللہ کے حضور سجدہ شکر بجالانا چاہیے اور آئندہ مصمم ارادہ کرنا چاہیے کہ اس ملک کی ترقی میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے۔ بعد ازاں تقریب کے آخر میں شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

جہلم ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام جشن آزادی کا رنگا رنگ پروگرام

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام جشن آزادی کا رنگا رنگ پروگرام، ڈی سی جہلم سمیت ضلعی افسران اور شہریوں کی بھر پور شرکت، قومی نغمے، ترانے، شاندار آتش بازی، شہری پروگرام سے جھوم اٹھے۔ تفصیلات کے مطابق جشن آزادی پاکستان کے موقع پر پنجاب حکومت کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ جہلم کے زیر اہتمام جشن آزادی میلہ کا شاندار انعقاد کیا گیا میلہ کے پہلے دن شام کو میوزیکل نائٹ کا اہتمام کیا گیا جس میں ملک کے معروف گلوکاروں نے قومی نغمے، ترانے پیش کئے میلے میں ہزاروں کی تعداد میں شہری فیملیوں کے ساتھ میلہ دیکھنے پہنچ گئے ضلع جہلم کی تاریخ میں کسی بھی جشن آزادی پر یہ سب سے بڑا پروگرام بن گیا۔ ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی سمیت اعلی انتظامی افسران کی فیملیوں سمیت شرکت نے پروگرام کو چار چاند لگا دیئے۔ رات 12 بجے ہی جشن آزادی کی خوشی میں شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا۔ شہریوں نے پروگرام اور آتش بازی کو خوب سراہا۔ اس موقع پر ضلعی پولیس کی جانب سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔

نامعلوم چور گزشتہ روز بھی شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نامعلوم چور گزشتہ روز بھی شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ پولیس خراٹے لیتی رہ گئی۔ ممتاز احمد سکنہ قاضی پورہ نے اپنا موٹر سائیکل سبزی منڈی کے باہر کھڑا کیا اور خود سبزی خریدنے میں مصروف ہو گیا۔ اس دوران نامعلوم چور اسکا موٹر سائیکل چرا کر فرو چکر ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا تاحال پولیس کسی ملزم کو گرفتار نہ کر سکی ہے یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حافظ آباد میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں عروج پر پہنچ چکی ہیں لیکن پولیس ملزمان کے سامنے بے بس دیکھائی دے رہی ہے۔

یوم آزادی کی تقریب، پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز لاہور

لاہور (این این آئی) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز لاہور میں یوم آزادی کے موقع پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پروفیسر آصف بشیر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز، نے یوم آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ہم چیف منٹر پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق اپنے تمام مریضوں کو مفت علاج فراہم کر رہے ہیں۔

حافظ آباد: منشیات کی بڑھتی وباء گلی محلوں میں منشیات فروشوں کے ڈیرے، شہری پریشان

پولیس کی کالی بھیڑیں ان منشیات فروشوں کی پشت پناہی کرنے لگی

پولیس ملازم منشیات فروش کو پکڑتے ہیں تو بکری کی رقم نکال کر اپنی جیب میں ڈال دیتے ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں منشیات کی بڑھتی وباء نے شہریوں کو پریشان کر کے رکھ دیا۔ گلی محلوں میں منشیات فروشوں نے ڈیرہ جمالئے جبکہ پولیس کی کالی بھیڑیں ان منشیات فروشوں کی پشت پناہی کرنے لگی۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر کے گلی محلوں اور شاہراؤں پر اسوقت سینکڑوں کی تعداد میں نشہ کی لت میں مبتلا افراد گھومتے پھرتے دیکھائی دیتے ہیں جبکہ نشہ فروخت کرنے والے نہ صرف ان کو موت کی وادی میں دھکیل رہے ہیں بلکہ اپنی تجوریاں بھی بھر رہے ہیں جبکہ پولیس کے شہر میں تعینات بعض ملازمین جب کسی منشیات فروش کو پکڑتے ہیں تو وہ اسکی جیب سے منشیات کی بکری کی رقم نکال کر اپنی جیب میں ڈال لیتے ہیں اور اسے ایک دو دھکے دیکر چھوڑ دیتے ہیں جس سے شہریوں میں دن بدن تشویش بڑھ رہی ہے۔

منشیات کا سپلائر لاکھوں روپے کی آئس اور ڈرون سمیت گرفتار

ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد حسن عمران سید کی کاروائی اختر ولد فجرو نامی ملزم کنٹلو ہی سے گرفتار



مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس کی ڈی پی او قصور عیسی خاں کی ہدایت پر کاروائی جاری منشیات پلائی کی بڑی چین پکڑی گئی، کنٹلو ہی سے ایک منشیات سپلائر گرفتار ملزم ارشد ولد فجرو خاں کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی ایک کلو گرام سے زائد آئس اور ڈرون کیمرہ برآمد ملزم منشیات سپلائی کیلئے ڈرون کیمرہ استعمال کرتا تھا جو کہ ڈرون ایک کلو گرام تک آسانی سے لے جاتا تھا ملزم ارشد نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ بدنام زمانہ اسرار ولد یعقوب سکنہ تھوی ضلع لاہور کی منشیات پلائی کرتا ہے تھانہ مصطفیٰ آباد پولیس نے ملزمان ارشد اور اسرار کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور کاروائیاں جاری ہیں

ننکانہ صاحب: ریسکیو 1122 میں پرچم کشائی اور تقریب کا انعقاد

تقریب میں ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی ہیڈ کوارٹرز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب وجیہہ ثمرین، کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سیٹی آفیسر علی عمران و دیگر ریسکیو افسران، ریسکیورز اور ریسکیو سکاؤٹس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ منعقدہ مرکزی تقریب میں ریسکیورز اور ریسکیو سکاؤٹس سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کہا کہ یوم آزادی دراصل اتحاد، ایمان اور یقین کے تجدید عہد کا دن ہے یہ عظیم دن ہمیں ان بڑی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو حصول وطن کے لئے پیش کی گئی آج ہم آزادی کی نعمت کا اپنی عملی زندگی میں اظہار تشکر کریں اور متعین کردہ ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے سرانجام دیں۔ آخر میں ملک وقوم کی ترقی وسلامتی کے لئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کانفرنس روم میں یوم آزادی کے حوالے سے کیک کاٹا اور جوش وجذبے سے آزادی کا دن منایا گیا۔

اوکاڑہ: پولیس نے پانچ قمار باز اور چھ منشیات فروش گرفتار کر لئے

منشیات فروشوں سے 24 کلو 610 گرام چرس اور 170 لیٹر شراب برامد کر لی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے 5 قمار باز اور 6 منشیات فروش گرفتار کر لئے منشیات فروشوں سے 24 کلو 610 گرام چرس اور 170 لیٹر شراب بر امد کر لی گئی تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم کو اطلاع ملی کہ چند جواری اسامہ ٹاون حجرہ چوک میں ایک ڈھرے پر بیٹھے تاش پر جوا کھیل رہے ہیں جس پر پولیس نے چھاپہ مار کر 5 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا پولیس نے داو پر لگی رقم 7600 برامد کر کے قبضہ میں لے لی۔ اوقمار بازوں کے خلاف مقدمہ نمبر 2271/24 درج رجسٹر کر لیا ہے۔ جبکہ پولیس تھانہ بھیر پور نے منشیات فروش عدنان سے 10 کلو 250 گرام چرس۔ محبوب ربانی سے 10 کلو چرس۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن نیمنشیات فروش شہباز کو قابو کر کے 2 کلو 100 گرام چرس اور ایک کلو 100 گرام چرس برامد کر لی۔ پولیس تھانہ ستکھرہ نیاظہر محمود سے 2150 - منشیات فروش بشیر سے 2260 گرام چرس برامد کر کے قبضہ میں لے لی۔

پنجاب سوشل سکیورٹی ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب کا انعقاد

وطن سے محبت کا تقاضا ہے کہ ہم اس ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں، محمد علی

لاہور (این این آئی) پنجاب سوشل سکیورٹی ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ کمشنر سوشل سکیورٹی محمد علی نے سبز ہلالی پرچم ہوا میں لہرایا۔ پاکستان کا قومی ترانہ پڑھا گیا۔ ملک و قوم کی سربلندی اور سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ وائس کمشنر ڈاکٹر ذوالفقار علی کھرل، میڈیکل ایڈوائزر ڈاکٹر سہیل عویز، ڈائریکٹر جنرل ہیڈ کوارٹر اظہر حسین منہاس ڈائریکٹر ایڈمن خواجہ وقار احمد۔ ہیڈ آفس پرنسپل افسران وسٹاف نے تقریب میں حصہ لے کر ارض پاک سے محبت کا بھر پور اظہار کیا۔ کمشنر سوشل سکیورٹی محمد علی نے اہل وطن کو 77 ویں یوم آزادی کی مبارک باد دی اور کہا کہ قوم کو جشن آزادی کی خوشیاں مبارک۔ پنجاب سوشل سکیورٹی میں جشن آزادی کے موقع پر پلانٹ فار پاکستان مہم کا بھی آغاز کیا گیا۔ کمشنر محمد علی نے ہیڈ آفس کے لان میں پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ وائس کمشنر پیسی ڈاکٹر ذوالفقار علی کھرل و دیگر افسران نے بھی اس موقع پر پودے لگائے۔ کمشنر سوشل سکیورٹی نے اس موقع پر پنجاب بھر میں قائم سوشل سکیورٹی آوٹ لیٹس کو جشن آزادی پر پرچم کشائی کے ساتھ شجر کاری مہم شروع کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وطن سے محبت کا تقاضا ہے کہ ہم اس ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھر پور کردار ادا کریں۔ آج تجدید عہد کا دن ہے۔ ہمیں آج یہ عہد کرنا ہے کہ اپنی آنے والی نسلوں کو سرسبز وخوشحال پاکستان دیں گے۔ ہمارے مزدور ہمارا قابل فخر اثاثہ ہیں۔ ایک صحت مند مزدور ہی ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ کمشنر سوشل سکیورٹی محمد علی نے کہا کہ ہمیں قائد اعظم کے قول ایمان، اتحاد اور تنظیم کی پاسداری کرنی ہے۔ پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن میں جشن یوم آزادی جوش وخروش وعقیدت واحترام سے منایا جا رہا ہے۔ عمارات کو پرچموں اور برقی قمقموں سے منور کیا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں سوشل سکیورٹی کے تحت پرچم کشائی اور شجر کاری کی تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

جشن آزادی کے موقع پر دیگر شہروں کی طرح جہلم میں تبلیغ السلام ہائی سکول میں تقریب کا انعقاد

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں 77 واں یوم آزادی قومی جوش و جذبہ اور پرعزم طریقے سے منایا گیا۔ جشن آزادی کی مرکزی تقریب تبلیغ السلام ہائی سکول میں منعقد ہوئی، جس کے مہمانان خصوصی رکن قومی اسمبلی بلال اظہر کیانی، ڈپٹی کمشنر سیدہ رمل

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشاعتِ اشتہارات ٹیکہ نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اشتہارات کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

گمشدگی کا غذات

محمد حسنین چوہان ولد رحمت اللہ چوہان سکنہ بدوکی گوسائیاں ضلع وسطی و تحاریر آباد

بتاریخ 15:48 بروز جمعہ کے رسائل خانیوال 1 بتاریخ 15:24 بروز جمعہ کے رسائل خانیوال 1 نے خانہ حاضر آکر تحریر کر دیا ہے کہ اصل کاغذات و فائل موٹر سائیکل نمبر GAS-3673 فائل 2005، انجن نمبر 2332758 چیسز نمبر 710470 ماڈل 2018 B516731 مالیت مذکور مسمی JB216233 گم ہو گئے ہیں ملنے پر رابطہ کریں۔

گمشدگی کا غذات

محمد حسنین چوہان ولد رحمت اللہ چوہان سکنہ بدوکی گوسائیاں ضلع وسطی و تحاریر آباد

بتاریخ 15:48 بروز جمعہ کے رسائل خانیوال 1 نے خانہ حاضر آکر تحریر کر دیا ہے کہ اصل کاغذات و فائل موٹر سائیکل نمبر GAQ-18-182 فائل 2018، انجن نمبر B518731 مسمی JB216233 گم ہو گئے ہیں ملنے پر عالذہ من بالا گمشدہ من ہو گئے ہیں ملنے پر رابطہ کریں۔

نتیجہ 1

دعا کیں کہ اللہ تعالیٰ نے جلد مساجد میں ملک میں امن و سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ شہدا کے لواحقین اور اعلیٰ سرکاری اور فوجی محاذوں کے شہداء کے لیے مارگلہ پہاڑوں اور صوابی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب شہداء کی یادگاروں پر پھولوں اور پرچموں اور دیگر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ان کی قبروں پر روشن کیا گیا جبکہ قومی پرچم، پیغامات اور پھولوں کے گلدستے رکھے گئے۔ ہر جگہ گہرے سکوت اور سوگ کی فضا طاری رہی۔ بازاروں اور عوامی مقامات کو سبز پرچموں اور دیگر خصوصی سجاوٹ سے روشن کیا گیا۔ شہداء کے اعزاز میں ملک بھر میں آج ہر جگہ دو دیہاڑی دار، وکلا، انجینئرز، اساتذہ، طلبا، ڈاکٹرز، نرسز اور صحافیوں کو بھی نمایاں طور پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ، ملک بھر میں ہر شعبہ زندگی کے افراد نے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے لیے دعائیں کیں۔ اس موقع پر ملک بھر میں ہر شعبہ زندگی کے افراد نے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے لیے دعائیں کیں۔ اس موقع پر ملک بھر میں ہر شعبہ زندگی کے افراد نے شہداء کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان کے لیے دعائیں کیں۔

نتیجہ 2

تعاون، اتحاد اور جمہوری اور انتظامی اختلافات کے حل کی کوششوں کے ذریعے نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ یونان نے اپنے مفادات اور دفاع میں اتحادی اور ساتھی کے لیے ہمارے خصوصی تعلقات سے فروغ پاتی رہی ہے۔ ہم کب آپ کی اچھی صحت اور کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، تمام پاکستانیوں کے لیے امن اور خوشحالی کی بہت نیک تمنیں بھی رکھتا ہوں۔

نتیجہ 3

دی۔ تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے کیا گیا۔ تقریب میں پاک فوج کے ترانے پر تعریف بلند کیا گیا۔ اس موقع پر ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کی دعا مانگی گئی۔

نتیجہ 4

ملک کی باگ ڈور نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے۔ ایک سوال ہے کیا ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے ایک سوال کیا ہے کیا ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نوجوان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ



انجمن ارائیاں پاکستان رجسٹرڈ قائم شدہ 1915 کے جنرل سیکرٹری ملک محمد اکبر ارائیں کی قیادت میں وفد محسن ارائیاں سرمیاں محمد شفیع ارائیں کی قبر پہ فاتحہ خوانی کر رہا ہے

اسلامی ممالک کا قلعہ بنائیں گے، اسحق ڈار

وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان جی 20 میں شمولیت کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے

کوئٹہ (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان جی 20 میں شمولیت کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے، قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبال کے خواب کو پورا کر کے عملی جامہ پہنائیں گے، وطن عزیز میں تشدد کی کوئی گنجائش نہیں اور نہ ہی ناراض افراد کی تھیوری کوئی معنی رکھتی ہے، پاکستان کو اسلامی ممالک کا قلعہ بنائیں گے تاکہ ہر فرد سکون و خوشحالی کی زندگی بسر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

ہمیں جدید دور کے پیچیدہ چیلنجوں کا سامنا، سیدال خان

اجتماعی جذبے، تعاون کے عزم کے ذریعے ہی رکاوٹوں پر قابو پا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ ہم جدید دور کے پیچیدہ چیلنجوں کا سامنا کر رہے ہیں، اجتماعی جذبے اور تعاون کے عزم کے ذریعے ہی رکاوٹوں پر قابو پا سکتے ہیں، آیئے آج عہد کریں کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے میڈیا ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے یوم آزادی کے حوالے سے جاری بیان میں سیدال خان نے کہا کہ 14 اگست کو یوم آزادی کے اس پرمسرت موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی نے معاملے کا نوٹس لے لیا

چیئرمین قائمہ کمیٹی سید امین الحق نے چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمن کو طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی نے معاملے کا نوٹس لے لیا، چیئرمین قائمہ کمیٹی سید امین الحق نے چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمن کو طلب کر لیا۔ چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ر) حفیظ الرحمن کو سوشل میڈیا سروس میں رکاوٹ کی وجوہات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ واٹس ایپ، فیس بک، انسٹاگرام اور ایکس کی بندش کی وجوہات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ قائمہ کمیٹی نے ملک بھر میں انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے اور موبائل سگنلز کمزور ہونے کی بھی تفصیلات طلب کر لیں۔ قائمہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44



لاہور، محکمہ خوراک پنجاب کے افسران و ملازمین فوڈ سیکرٹریٹ سے فیروز پور روڈ تک آزادی واک کر رہے ہیں

بجلی کی قیمتوں میں کمی کیلئے وفاق کیساتھ ملکر کام کر رہے ہیں: میئر کراچی

دعا ہے کہ لوگوں کی پریشانیاں ختم کرنے میں ہم کردار ادا کر پائیں

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے سندھ حکومت وفاق کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ مزار قائد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ دعا ہے کہ لوگوں کی پریشانیاں ختم کرنے میں ہم کردار ادا کر پائیں۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ اس بار شہری بارشوں کو انجوائے کر رہے ہیں، کراچی کے حالات پہلے سے بہتر ہیں۔ اس سے قبل بلدیہ عظمیٰ کے دفتر میں یوم آزادی کے موقع پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے پہلے پرچم کشائی کی۔



لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آرمی چیف کا بیان ان کی سوچ کا مظہر ہے، چودھری شجاعت حسین

ہر علاقے کی شاہراہ پر وہاں کے شہید سپاہیوں کے نام آویزاں کئے جائیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر و سابق وزیراعظم چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ آرمی چیف کا بیان ان کی سوچ کا مظہر ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ میں نے آج تک اس سے بہتر تقریر نہیں سنی، اس موقع پر میں فوج کے سپاہیوں کے نام ایک تحفہ کرنا چاہتا ہوں، میں نے وزیراعلیٰ کو شہید سپاہیوں کے حوالے سے تجویز دی ہے۔ چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ ہر علاقے کی شاہراہ پر وہاں کے شہید سپاہیوں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

پروفیسر الفرید ظفر نے یوم آزادی کینسر کے مریض بچوں کے ساتھ منایا

جنرل ہسپتال میں جشن آزادی کی تقریب، خصوصی کیک کاٹا گیا، ایک دوسرے کو مبارکباد و خوشی کا اظہار

لاہور (خبرنگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں سبز ہلالی پرچم لہرانے کے بعد کینسر میں مبتلا زیر علاج بچوں کے پاس وارڈ میں پہنچ گئے۔ انہیں جشن آزادی کی خوشی میں شامل کرنے کیلئے گفٹ دیئے۔ نونہالوں کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ اس موقع پر لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ سرطان کے مرض میں مبتلا بچوں کے ساتھ جشن آزادی کے لمحات گزار کر دلی سکون ملا ہے اور گزارے ہوئے یہ لمحات میری زندگی کا قیمتی اثاثہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

ہمارے بعد آزاد ہونیوالے ممالک ہم سے بہت آگے نکل گئے، احسن اقبال

ترقی کی منزل تک پہنچنا تب ہی ممکن ہوگا جب ملک میں امن، استحکام ہوگا، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ آج جہاں ہم جوش و جذبے کے ساتھ آزادی کا جشن منا رہے ہیں رہے ہیں وہیں ہمیں اپنے داخلی، علاقائی اور عالمی سطح پر بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے یوم آزادی پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ اس ملک کے قیام کے لیے ہمارے آباؤ اجداد نے بیشمار قربانیاں دے کر ایک غیر متزلزل جذبے، عزم، اتحاد، ایمان کے اصولوں کے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

گھوٹکی کے 75 سالہ بزرگ کے اغوا کا معاملہ ڈرامہ نکلا

بوڑھے سہراب کا بیٹا سعید احمد والد کی تلاش میں حادثے کا شکار ہو کر جاں بحق ہوا تھا

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی میرپور ماتھیلو کے 75 سالہ بزرگ کے اغوا کا معاملہ ڈرامہ نکلا۔ معمر بزرگ سہراب خان نے بیٹوں سے پیسے وصول کرنے کیلئے ڈرامہ رچایا۔ سہراب نے مظفر گڑھ میں اپنے دوستوں سے خود ویڈیو بنوائی، سہراب نے خود کی قمیص اتروائی، ہاتھوں میں زنجیر اور آنکھوں پر خود کو پٹیاں بھی بندھوائیں۔ ڈی ایس پی عبدالقادر کے مطابق بوڑھے سہراب کا بیٹا سعید احمد والد کی تلاش میں حادثے کا شکار ہو کر جاں بحق ہوا۔ پولیس کی ٹیکنیکل ٹیم نے بوڑھے سہراب کی تلاش شروع کر دی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں 21 نادرا مراکز اور 6 موبائل رجسٹریشن وین کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر میں 21 نادرا مراکز اور 6 موبائل رجسٹریشن وین کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

وسائل نہ ہونے کے باوجود ہم اٹامک کلب کے ممبر بن چکے، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ محمد ہاشم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ محمد ہاشم کاکڑ نے کہا ہے کہ وسائل نہ ہونے کے باوجود ہم اٹامک کلب کے ممبر بن چکے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، اتحاد سے سازشوں کو ناکام بنائیں گے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، اتحاد سے سازشوں کو ناکام بنائیں گے۔ قوم کو یوم آزادی پر مبارکباد دیتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

امریکی وزیر خارجہ کی پاکستانیوں کو یوم آزادی پر مبارکباد

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے پاکستانیوں کو یوم آزادی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی عوام کی جانب سے پاکستانیوں کے لیے دلی نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ یوم آزادی پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے کوئٹہ میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبے کا افتتاح کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کوئٹہ میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبے کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر سینیٹر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر تجارت جام کمال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

کوئٹہ، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے قومی نغمہ پیش کرنے والی بچی کو نقد انعام سے نوازا

کوئٹہ (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے یوم آزادی کے موقع پر قومی نغمہ پیش کرنے والی بچی کو نقد انعام سے نوازا۔ بدھ کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

انجمن ارائیاں پاکستان کے وفد کی سرمیاں محمد شفیع ارائیں کی قبر پہ فاتحہ خوانی

وفد کی قیادت جنرل سیکرٹری ملک محمد اکبر نے کی، بہت سے شخصیات کی قبر پہ پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (پ ر) ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 14 اگست 2024 کو انجمن ارائیاں پاکستان رجسٹرڈ قائم شدہ 1915 کے جنرل سیکرٹری ملک محمد اکبر ارائیں کی قیادت میں محسن ارائیاں سرمیاں محمد شفیع ارائیں کی قبر پہ فاتحہ خوانی اور پھول چڑھائے اس قبرستان میں نامور شخصیات دفن ہیں جن میں سرمیاں محمد شفیع ارائیں بانی انجمن ارائیاں پاکستان رجسٹرڈ قائم شدہ 1915 سرمیاں عبدالرشید پاکستان کے پہلے چیف جسٹس جنھوں نے قائداعظم سے گورنر جنرل کا حلف لیا میاں افتخار الدین بیگم شاہنواز مہر محمد یوسف المعروف مہر مہنگا جد امجد میاں فیملی اور بہت سے شخصیات کی قبر پہ پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر میاں شبیر احمد ارائیں میاں محمد شریف ارائیں صدر لاہور کینٹ میاں عابد سلطان ارائیں مہر نصیر احمد ارائیں مہر محمد بوٹا ارائیں آف دروغہ والا لاہور۔

پاکستان کو حقیقی معنوں میں فلاحی ریاست بنانے کا عہد کرنا ہوگا، عبدالعلیم خان

آزادی ایک عظیم نعمت، لاکھوں قربانیوں اور قائد کی انتھک محنتوں کا ثمر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات و نجکاری سرمایہ کاری بورڈ اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے 78 ویں یوم آزادی پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم سب کو پاکستان کو حقیقی معنوں میں فلاحی ریاست بنانے کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46


اے نگارِ وطن تو سلامت رہے
Pakistan
Independence Day
حاجی خادم حسین فیلنگ اسٹیشن
(مدرسٹاپ) شرقپور شریف کی جانب سے
تمام اہل وطن کو
جشن آزادی مبارک
منجانب: سیٹھ عابد حسین راجپوت، ثاقب حسین راجپوت۔
عبداللہ عابد، حسیب ثاقب۔


رانا محمد نصیر خان
ساجد وفاقی وزیر صحت
ڈاکٹر طاہر علی جاوید
ساجد وفاقی وزیر صحت
PAKISTAN DAY
14th August
INDEPENDENCE
رانا کیف راجپوت
(رانا برکس کمپنی ٹپیالہ)

بھٹہ ایسوسی ایشن نارووال کی طرف سے جشن آزادی مبارک ہو
عبدالغفور پڈا
ضلعی صدر بھٹہ ایسوسی ایشن
رانا محمد اعظم
تحصیل صدر نارووال
رؤف خان
تحصیل صدر شکر گڑھ
احسن اقبال
جنرل سیکرٹری
حاجی سخاوت علی ورک
ضلعی سینئر کارکن
افضل رندھاوا
تحصیل صدر نارووال
بلال دھیڑ
صدر ڈونگیان مارکیٹ

وزیراعلیٰ سندھ کی نفرتیں اور مایوسیاں پھیلانے والوں کو وارننگ

مایوسیاں پھیلانے ملک کا نقصان کر رہے ہیں، وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی یوم آزادی پر مایوسی پھیلانے والوں کو سخت وارننگ۔ کہا کہ مایوسی پھیلانے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ یہ قوم پہلے بھی مشکل وقت سے نکل آئی تھی، اب بھی مشکلات کا مقابلہ کرے گی اور پہلے سے زیادہ طاقتور ہو کر نکلے گی۔ مزار قائد پر حاضری کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ اس وقت ملک میں بحران کی بڑی وجہ وہ عناصر ہیں جو قوم خاص طور پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

یو اے ای کی پاکستان سے دوستی تاحیات برقرار رہے گی: قونصل جنرل امارات کراچی

خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری نے گرین پاکستان اینیشیٹو کے تحت یو اے ای قونصلیٹ میں پودا بھی لگایا

کراچی (این این آئی) قونصل جنرل امارات کراچی بخیت عتیق الرومیتی نے کہا ہے کہ پاکستان اور یو اے ای کے مابین 6 دہائیوں سے برادرانہ تعلقات ہیں، یو اے ای کی ترقی میں پاکستانیوں کا کلیدی کردار ہے، دونوں ممالک کی دوستی تاحیات برقرار رہے گی۔ یو اے ای قونصلیٹ کراچی میں جشن آزادی کی مناسبت سے تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں صدر مملکت آصف علی زرداری کی صاحبزادی، خاتون اول پاکستان آصفہ بھٹو زرداری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52


INDEPENDENCE DAY
14 AUGUST
PAKISTAN
جشن آزادی مبارک
منجانب ...راجہ ساجد اقبال رہنما تحریک انصاف چوا سیدن شاہ

وفاقی حکومت نے اوور دی ٹاپ سروسز کو ریگولیٹ کرنے کے لئے فریم ورک پر کام تیز کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اوور دی ٹاپ سروسز کو ریگولیٹ کرنے کے لئے فریم ورک پر کام تیز کر دیا۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت مکمل کر لی، او ٹی ٹی ریگولیٹری فریم ورک کو اتھارٹی سے منظوری کے بعد وفاقی کابینہ سے منظور کرایا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

نجکاری کمیشن سے او جی ڈی سی ایل کے شیئرز واپس منتقلی سے متعلق کمیٹی تشکیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے نجکاری کمیشن سے آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی (او جی ڈی سی ایل) کے شیئرز کی واپس منتقلی کے معاملے پر نائب وزیراعظم اسحق ڈار کی سربراہی میں 5 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تشکیل کردہ کمیٹی 7 روز میں رپورٹ وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کو پیش کرے گی۔ کابینہ کمیٹی ارکان میں و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

پاکستانی ہائی کمیشن ملائیشیا میں پاکستان کے 78 واں یوم آزادی کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد

اسلام آباد/کوالالمپور (این این آئی) پاکستان ہائی کمیشن ملائیشیا نے بدھ کو پاکستان کے 78 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی سادہ اور پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کی صدارت ملائیشیا میں پاکستان کے ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ نے کی۔ کوالالمپور سے موصولہ اعلامیہ کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور


پریس کلب فاروق آباد رجسٹرڈ
اتحاد امن کونسل فاروق آباد
کی جانب سے تمام اہل وطن کو
یوم آزادی مبارک
PRESS CLUB FAROOQ ABAD
Ishad Amman Council Farooqabad
اتحاد امن کونسل فاروق آباد


جشن آزادی مبارک
منجانب ..مہوش سلطانہ راجہ MPA